فضائل و برکات درود شریف



علمی کتاب گھر

Marfat.com

فضائل و برکات درود شریف



علمی کتاب گھر

Marfat.com

۲ ۳۳۷۲۳۳۲

فضائل و برکات درود شریف

۲۹۷۰۵۱
۸۹۵ ف

مؤلف و مرتب
ایک گمنام عاشقِ رسول انام صلی اللہ علیہ وسلم

علمی کتاب گھر
تاجرانِ قرآن مجید و اسلامی کتب
آسن مل اوجھا روڈ۔ اردو بازار کراچی (74200) پاکستان
فون : 216942-218713

Marfat.com

نعت

سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم

ہر ایک قلب نے پایا وہاں سکون و قرار
خدا کے فضل سے فردوس ہے نبی کا دیار صلی اللہ علیہ وسلم

خدا کے بعد وہ سب سے بزرگ و برتر ہیں
محمد عربی صلی اللہ علیہ وسلم پر ہے جسم و جان نثار

اُنہیں کی ذاتِ مقدس کا فیض ہے سارا
نہیں ہے رحمت عالم کی رحمتوں کا شمار

جو ایک بار مدینہ کو دیکھنا ہو نصیب
کروں میں خوبیٔ قسمت پہ اپنی ناز ہزار

قبول کر مرے مولا دُعا یہ عبدل کی
کہ ہو مرا بھی غلامانِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم میں شمار

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

بلغ العلیٰ بکمالہ

کشف الدجیٰ بجمالہ

حسنت جمیع خصالہ

صلوا علیہ وآلہ

Marfat.com

فہرستِ مضامین
فضائل و برکات درود شریف

مضامین	صفحہ نمبر
دیباچۂ مؤلف	۹
درود شریف پڑھنے کا حکم	۱۳
رسول عربیؐ اور خصوصی شان	۱۹
اللہ، قرآن، درود شریف	۲۵
ابن کعبؓ کا دربارِ نبویؐ میں معروضہ	۲۹
دعا کی درود سے مقبولیت	۳۱
درود اللہ کا ذکر ہے	۳۳
حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس درود کا پہنچنا	۳۵
درود شریف اور دریائے رحمت	۳۹
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرے کی زیارت	۴۱
صرف ایک درود	۴۳
چاند، سورج اور درود شریف	۴۵
ابو سلیمانؒ کا فلسفہ	۴۷
قبولیت کی کنجی	۴۸
مشرق و مغرب کا فرشتہ	۴۹
درود شریف کی برکت	۵۱
چار سو مرتبہ جہاد	۵۳
درود کی غیبی امداد	۵۷
مصافحہ	۵۸
آسان صدقہ	۵۹
ہزار دن ایک درود	۶۱
دولت کا نسخہ	۶۲
غربت کا خاتمہ	۶۳
درود کے ایک حرف کے بدلے جنت	۶۵
جمعہ کے دن درود شریف کی فضیلت	۶۷
ایک درود جس کا ثواب لامحدود ہے	۷۱

Marfat.com

خدا صلوں آپ پر میرے ماں باپ
درود بھیجے اللہ آپ پر (اے نبی آل)

مضامین	نمبر صفحہ	مضامین	نمبر صفحہ
فرشتوں کے ساتھ نماز	۷۲	جنت کی چابی	۹۵
علامہ شہابؒ خفاجی کا فلسفہ	۷۳	ایک فقیری فلسفہ	۹۹
درود شریف وسیلہ شفاعت ہے	۷۵	رحمت کی یا لوٹ	۱۰۳
روحانیت کا راز	۷۶	حوض کوثر پر باریابی	۱۰۵
درود کی اصلی حقیقت	۷۷	تریاق مجرب	۱۰۷
حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شفقت	۷۹	حضرت جبرئیلؑ کیسے اور کیوں پیدا ہوئے	۱۰۹
آسان عمل، اجر عظیم	۸۰	ستر ہزار نیکیاں، ستر ہزار دن	۱۱۱
امام رازیؒ کا فلسفہ	۸۱	تاج الوظائف	۱۱۲
بے مثال محبت	۸۳	حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا سجدہ، خدا کا سلام	۱۱۳
عشق اور عبادت	۸۴	پانچ فرشتے	۱۱۶
مجلس کی مغفرت	۸۵	درود تاج	۱۱۷
درود دعا بھی ہے اور دوا بھی ہے	۸۷	درود خاص	۱۲۴
تین اعزاز	۸۹	درود لکھی	۱۲۵
خاص خاص	۹۱	درود واحد	۱۳۵
تین تحفے	۹۲	سات خاص الخاص	
عرش کا سایہ	۹۳	جنتی درود	۱۳۷
ایک آسان درود	۹۴		

Marfat.com

بِاَبِیْ اَنْتَ وَاُمِّیْ صَلَّی اللّٰہُ
عَلَیْکَ یَا نَبِیَّ الْاُمِّ

مضامین	نمبر صفحہ	مضامین	نمبر صفحہ
درود عالی قدر	۱۴۵	درود العارفین	۲۱۳
درود رُومی یا تیسرا	۱۴۷	درود طیب	۲۲۱
درود رحمت یا ماھی	۱۵۱	درود کوثر	۲۲۳
درود تنجینا	۱۵۵	درود اعلیٰ	۲۲۵
درود ہزارہ	۱۵۸	درود امام شافعیؒ	۲۲۷
درود قرآنی	۱۵۹	شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کا درود	۲۳۱
درود ناریہ	۱۶۱	درود شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ	۲۳۴
درود اوّل	۱۶۴	درود الفاتح	۲۳۵
درود قلبی	۱۶۷	درود محمدیؐ	۲۴۱
درود خمسہ	۱۶۹	درود حضوری	۲۴۵
درود انعام	۱۷۳	دس ہزار کا ثواب	۲۴۷
درود العابدین	۱۷۵	درود دوامی	۲۴۹
درود مقدس	۱۷۹	اللہ اور رسولؐ	۲۵۱
درود فاضل	۱۸۹	موسیٰ علیہ السلام اور درود شریف	۲۵۵
درود الاقطاب	۱۹۹	پرہیز	۲۵۷
درود نور	۲۰۱	سرکارِ دو عالم کی زیارت کا طریقہ	۲۶۱
درود العاشقین	۲۰۵	دین اور دنیا کی مکمل کامیابی	۲۶۵
درود افضل	۲۱۲	ایک درود ایک خزانہ	۲۷۱

Marfat.com

مضامین	نمبر صفحہ
زیارت	۲۷۵
گھر	۲۸۰
مسجد	۲۸۱
رحمت	۲۸۲
زحمت	۲۸۳
سزا	۲۸۴
جزا	۲۸۵
ثواب	۲۸۶
عذاب	۲۸۷
روایات مقدسہ	۲۸۹
حضور صلی اللہ علیہ وسلم	
اور فرشتے	۲۹۵
ایک کے دس	۲۹۶
دس کے سو	۲۹۷
ایک اور درود کا دن	
دوشنبہ	۲۹۸
ایک درود ایک لاکھ سلام	۲۹۹
چودہ ہزار	۳۰۱

مضامین	نمبر صفحہ
اللہ کا حکم	۳۰۳
رسول کا ارشاد	۳۰۵
ایک لاجواب درود	۳۰۷
درود اور مقام محمود	۳۰۹
مجرب ترین عمل اور زیارتِ نبی صلی اللہ علیہ وسلم	۳۱۳
حضرت آدم ؑ۔ بی بی حوا ؑ	
اور درود شریف	۳۱۵
درود ابراہیم علیہ السلام	۳۱۷
بچوں کے لئے درود	۳۲۳
درودِ اکبر	۳۲۷
درود مستغاث	۳۵۳
درود شریف کے متعلق چہل حدیث	۳۷۹ تا ۳۸۴
صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَسَلَّمْ	

Marfat.com



دیباچہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

سیّد الانبیاء حبیب کبریا احمد مجتبیٰ محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی اِس جہان آب وگل میں تشریف آوری عالمِ انسانیت پر خداوند کریم کا احسانِ عظیم ہے

دنیا جو صدیوں سے ظُلم و غارت گری، قتل، گمراہی دبے دینی کی تاریکیوں میں ڈوبی ہوئی تھی۔ اِس پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم چاند کی طرح چمکے اور اندھیاری زمین رشکِ جنت بن گئی آپ نے ذرّوں کو آفتاب بنادیا اور غلاموں کو جہانگیری.

Marfat.com

عطا فرمائی۔ عالم انسانیت پر حضور رسالت پناہی صلی اللہ علیہ وسلم

وسلّم کے اتنے احسانات ہیں کہ اگر دُنیا بھر کے ادیب اور قلم کار ہزار ہا برس تک قلم بندی کرتے رہیں تو صرف دیباچہ بھی شاید نہ لکھ سکیں۔

جس طرح سورج سے روشنی اور چاند سے چمک اور ٹھنڈک وابستہ ہے یا جیسے پھولوں میں خوشبو اور جاندار میں روح اور حیات ہے۔ اسی طرح اسلام میں محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلّم اور محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلّم میں اسلام پوشیدہ ہے۔ گویا ایک روح دو قالب ہیں۔

ہر مسلمان کا فرض ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلّم کی شان اقدس اور آپ پر رحمتوں کی مسلسل بارش دیکھ کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر بے حد محبّت اور عزّت سے کم از کم ایک مرتبہ

Marfat.com

صبح اور ایک مرتبہ شام درود بھیجتا رہے۔ حالانکہ ہم اِس قابل کہاں کہ آپ کا نام مبارک اپنی اِس گنہ گار زبان سے لیں کیونکہ۔

ہزار بار بشویم دہن بہ مُشک و گلاب
ہنوز نامِ تو گفتن کمال بے ادبی ست

لیکن محبت میں تو ہر چیز جائز ہے اِس لئے محبت سے اپنے آقا اور اپنے عظیم محسن صلی اللہ علیہ وسلم کو ہر وقت ہر گھڑی درودوں کی سوغاتیں بھیجتے رہنا نجات اور عبادت کا آسان نسخہ ہے۔

بخشائیں گے ان سب کو محشر میں مرے آقا
بھیجی ہیں درودوں کی جس جس نے بھی سوغاتیں

Marfat.com

صلی اللہ علیہ وسلم



Marfat.com

درود شریف پڑھنے کا حکم

حضرت رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کی

ذاتِ مقدّس تمام بنی نوع انسان کے لئے اللہ تعالیٰ کا سب سے بڑا انعام ہے۔ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم وہ پیغمبر تھے جنہوں نے بھٹکی ہوئی انسانیت کو نجات و ہدایت کا ایک ایسا روشن راستہ دکھایا جو رہتی دنیا تک ہر زمانے اور ہر دور کی تمام ضرورتیں پورا کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

Marfat.com

ابن آدم کی عظمت کا اس سے بڑا ثبوت

اور کیا ہو سکتا ہے کہ باری تعالیٰ نے ان کے درمیان ایک ایسی عظیم ہستی کو ظاہر کیا جو اپنی ذات اور صفات کے اعتبار سے اللہ تعالےٰ کی بہترین تخلیق اور اشرف الانبیاء والمرسلین ہے

اللہ پاک نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو رحمۃ للعالمین بنا کر اس دُنیا کے لئے روشنی بنا کر بھیجا۔

ہر سچے مومن اور مسلمان پر لازم ہے کہ وہ اس احسان کا زیادہ سے زیادہ شوق و ذوق سے شکریہ ادا کرے اور ایسے طریقے سے کرے جو اللہ تعالیٰ کے پاس مقبول اور پسندیدہ ہو۔ شکریہ ادا کرنے اور یاد کرنے کا بہترین طریقہ ہے حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمتِ اقدس میں درود شریف کی سوغات پیش کرنا ہے۔ یہ وہ طریقہ ہے جو خداوند تعالیٰ کو بہت پسند ہے۔

Marfat.com

اللہ تبارک و تعالےٰ نے بھی بندے کی عاجزی دیکھ کر ہمیں اپنے محسن کے احسان کا بدلہ دینے کا حکم فرمایا اور قرآن پاک میں فرمایا کہ۔

اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا ؕ

چونکہ ہم حضور اکرم صلّی اللہ علیہ وسلّم کے احسانات کا بدلہ چکانے سے عاجز تھے۔ خداوند تعالےٰ نے ہمارا عجز دیکھ کر ہم کو یہ آسان طریقہ سکھایا کہ درود و سلام پڑھو، جو دُعا بھی ہے دوا بھی ہے۔ سلام بھی ہے اور سوغات بھی ہے۔ شکریہ بھی ہے اور عین ادب بھی ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ بَارِکْ وَسَلِّمْ

Marfat.com

اب یہ ہر مسلمان کا فرض ہے کہ جہاں تک ممکن
ہو سکے ختم المرسلین رحمۃ للعالمین نبی الحرمین صلی اللہ علیہ
وسلّم پر زیادہ سے زیادہ درود شریف پڑھتا رہے۔ یہ محض
احسان مندی کا اظہار نہیں بلکہ عبادت کا درجہ بھی رکھتا ہے
درود شریف ایک ایسا پاکیزہ اور نیک عمل ہے جو
انسان کو اس کی نسبت سفلی سے بلند کر کے غیر معمولی رفعتوں اور
عظمتوں تک آسانی سے پہنچا دیتا ہے۔ لاکھوں وظیفے اور
نفل عبادات ایک طرف اور صرف درود دوسری طرف
اگر خالص محبت سے پڑھا جائے تو آن کی آن میں انسان
کو عجیب غریب روحانی بلندیوں کے چھونے کے قابل بنا دیتا ہے
درود میں سب سے زیادہ عجیب اور اہم راز یہ ہے
کہ اللہ تعالےٰ خود بھی درود پڑھتا ہے اور بندے بھی درود
پڑھتے ہیں اور یہ ہی ایک ایسا عمل ہے جو خدا بھی کرتا ہے

Marfat.com

اور انسان بھی۔ یعنی خداوند تعالےٰ کے ساتھ ہاں میں ہاں ملانا ہے

کیا عجیب شرف ملتا ہے محبت کو سے

خُدا کی رضا چاہتے ہیں دو عالم

خُدا چاہتا ہے رضائے محمد صلی اللہ علیہ وسلم

خدائے قدوس بذاتِ خود فرشتوں کے ساتھ اپنی شان اور عظمتِ بے نہایت کے باوجود حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلّم کی فضیلت اور محبّت بیان فرماتا ہے اور جب سارا عالمِ ملکوت حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلّم کی تعریف و توصیف سے گونجتا رہتا ہے تو عالمِ ناسوت کو بھی دولت ایمان سے سرفراز کرنے، روحانیت صلی اللہ علیہ وسلم سے مالا مال کرنے اور محبت محمدی پیدا کرنے کا حکم دیا گیا تاکہ وہ بھی درود و سلام کے زمزموں سے اپنی ناسوتی فضا کو معطّر و معمور کریں۔

Marfat.com

اللہ تعالےٰ نے اس مادّی دُنیا میں جیسے پھولوں
پھلوں کو الگ الگ رنگت اور خوشبو دی ہے، لیکن
سب پھولوں کا سردار گلاب ہے اور سب پھلوں کا
سردار آم ہے ایسے ہی درود شریف کی عبادت کو
خاص امتیاز حاصل ہے۔ اور یہ بھی عبادت کا تاج ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی
اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ بَارِکْ وَسَلِّمْ
وَعَلٰی اَصْحَابِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ



Marfat.com

رسولِ عربی صلی اللہ علیہ وسلم
اور
خصوصی شان

اللہ تعالیٰ نے ہر ایک نبی کو کسی نہ کسی خصوصی شان اور عظمت سے نوازا ہے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے ساتھ دوستی کا اعلان کیا اور ان کی جائے سکونت کو حج کا مرکز بنایا۔ حضرت ادریس علیہ السلام کی شان میں فرمایا کہ وہ سچّے نبی تھے جن کا درجہ ہم نے بلند کیا۔ حضرت اسماعیل علیہ السلام کو صادق الوعد کے شاندار اعزاز کے ساتھ نوازا۔

حضرت آدم علیہ السلام کو یہ اعزاز بخشا کہ فرشتوں کو انکے سامنے سجدے کا حکم دیا۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی محبت کو سراہا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو شرف کلام بخشا۔ حضرت اسحاق علیہ السلام کو اصحابِ

Marfat.com

بصیرت میں شمار کیا۔ حضرت یوسف علیہ السلام کو حسن دیکر اس کی
تعریف کی لیکن حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلّم کو اور تو کئی خصوصی
اعزازات سے نوازا لیکن خاص الخاص ان کے ذکر کو اپنا ذکر
قرار دیکر ان کے نام کو اپنے نام کے ساتھ شاملِ ذکر کر دیا
نہ فقط یہ بلکہ ان پر درود و سلام پڑھنا اپنی مشغولیت قرار دی۔

اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ
یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ
وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا ۝ (قرآن)

معلوم ہے کہ حق تعالیٰ نے دریاؤں اور سمندروں کی تہ میں
بڑی بڑی نعمتیں اور دولتیں پوشیدہ رکھی ہیں غوطہ مارنے والے
ان قیمتی چیزوں کو حاصل کر لیتے ہیں چنانچہ سچّے موتی کے سیپ کو
دیکھتے کہ دریا میں غوطہ مارنے والے سچّے موتی کی سیپ کا ڈھیر
لگا دیتے ہیں۔ پھر جب کہ سیپ سے سچّے موتی برآمد ہوتے ہیں

Marfat.com

تو بادشاہوں کے تاج میں لگائے جاتے ہیں جن کو شہنشاہ سر پر پہنتے ہیں اور فخر محسوس کرتے ہیں۔

اسی طرح درود خواں جب درود شریف پڑھتا ہے۔ تب وہ تین قسم کے دریاؤں میں غوطہ لگاتا ہے۔ پہلا نورِ توحید کا دریا دوسرا نورِ نبوت کا دریا اور تیسرا نورِ ولایت کا دریا۔ جب اَللّٰھُمَّ بندے نے کہا تو ربّ تعالیٰ کے تمام اسمائے حسنیٰ کی فضیلت کو پالیا اور تمام فضائل کو حاصل کرلیا۔ صرف درود شریف کا پہلا لفظ یعنی اَللّٰھُمَّ جب کہا تو اللہ کے تمام اسمائے حسنیٰ کی تلاوت ہوگئی۔

سُبحان اللہ کیا برکت والا لفظ ہے جس میں توحید کا نور اسم ذات کا نور اور اسم صفات کے انوار چمک رہے ہیں یہ رحمتِ الٰہی کا ایسا بے کنار سمندر ہے جو اس میں غوطہ مارنے والوں کو دونوں عالم میں نہال کر دیتا ہے۔

Marfat.com

دیکھئے درود شریف پڑھنے والوں کی شان۔ پہلے انہوں نے

اَللّٰھُمَّ پڑھتے ہوئے نور توحید کے دریا میں غوطہ لگا کر ذاکر

کا مرتبہ پایا کہ درود خواں رتبۂ ذکر الٰہی اور مرتبۂ تعمیلِ سُنّت حضرت

سرور کونین صلی اللہ علیہ وسلم کو پہنچ گیا۔

جب درود خواں یہ الفاظ کہتا ہے :۔

صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ تو آقائے نامدار صلی اللہ علیہ وسلم کے نورِ رسالت اور

فضیلت میں غوطہ کھاتا ہے۔ یہ غوطہ سب سے اعلیٰ اونچا اور سلامتی

والا ہے۔ اس میں غوطہ لگانے سے ہمیشہ ہمیشہ کے لئے رحمت الٰہی

کی دل و دماغ میں عجیب خوشبو پیدا ہو جاتی ہے۔

خدا تعالیٰ نے صاف الفاظ میں فرمایا ہے کہ جو رسول

اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر ایک مرتبہ درود پڑھے تو اللہ کے فرشتے اس

آدمی پر دس نعمتیں نازل فرماتے ہیں۔ اس لئے جب آدمی

وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ کہتا ہے تو فضل و کرم اور کرامت

۳۳ ۲ ۲ ۳ ۷

Marfat.com

کے دریا میں غوطہ لگاتا ہے اور پاک و صاف ہو جاتا ہے۔

(سبحان اللہ) اب درود خواں نے نیا لباس پہن لیا۔ جس کو نورانی لباس کہتے ہیں جو آسانی سے میسر نہیں آتا نہ کہیں خریدا جا سکتا ہے نہ ہر ایک اسے دیکھ سکتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ

درود شریف جیسی نہ کوئی رحمت پیدا ہوئی ہے نہ ہوگی حضورِ انور صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف پڑھنے میں جو فوائد ہیں ان کو اس کتابچہ میں باریک بینی سے ملاحظہ فرمائیں اور خود فیصلہ کریں کہ آقائے نامدار صلی اللہ علیہ وسلم پر کتنی کثرت سے ہم مسلمانوں کو درود پڑھنا چاہیے

اللہ تعالیٰ ہم سب کو درود شریف اور عشقِ رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) میں محو کرے۔ آمین

Marfat.com

Marfat.com



رسول مقبول صلّی اللہ علیہ وسلّم پر درود وسلام کا تاکیدی حکم اور اس کے فضائل و برکات جس طرح قرآنِ مجید اور شریعت اسلام میں آئے ہیں۔ پچھلی کسی اُمت و شریعت یا پیغمبر کے لئے نہیں آئے۔ یہ حکم ہمارے نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم کی اُن خصوصیات میں سے ہے جن میں اللہ تعالےٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو تمام انبیاء کرام علیہم السلام میں امتیاز خاص عطا فرمایا ہے۔

قرآن شریف کے بائیسویں پارہ کے سورۂ احزاب میں رب تعالےٰ نے خاص طور پر حکم صادر فرمایا ہے کہ

Marfat.com

اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ
یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَ
سَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا ہ

یعنی اللہ اور اس کے فرشتے درود بھیجتے ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر
اے مومنو تم بھی بھیجو درود و سلام ان پر جیسا کہ سلام
بھیجنے کا حق ہے۔

یہاں یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ مسلمانوں پر حضورِ
اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے احساناتِ عظیم کا تقاضا
یہ تھا کہ مسلمان اپنی طرف سے اس احسانِ عظیم کا کوئی
شکریہ اپنے آقائے نامدار صلی اللہ علیہ وسلم کی
خدمت میں پیش کریں۔ اس لئے اللہ تعالےٰ نے
کرو کہ اپنے رب سے درخواست یا دعا کرو کہ وہی اپنے

Marfat.com

رسول پر مزید رحمت اور سلامتی نازل فرمائے۔ چنانچہ ہم
اللہ سے یہ درخواست کرتے ہیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی
اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ بَارِكْ وَسَلِّمْ

یعنی اے اللہ سلامتی نازل فرما اور برکت نازل فرما
ہمارے آقا ہمارے رسول محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل و اولاد پر۔
اس میں اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ رسول
اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا مقام اتنا بلند و بالا ہے کہ
تمام اُمت اور تمام کائنات مل کر بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے احسانات
کا بدلہ نہیں چکا سکتی۔ بجز اس کے کہ اللہ تعالیٰ ہی سے
درخواست اور دُعا کی جائے کہ وہی رب جلیل اپنی شان
کے مطابق مزید اور مزید رحمت۔ کرم و فضل اور سلامتی

Marfat.com

ہمارے محسن انسانیت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

علیہ وسلّم پر فرمائے۔

رسول اکرم صلّی اللہ علیہ وسلّم کی ذات پاک کو اس دُعا کی حاجت نہیں بلکہ اس کا سارا فائدہ ہمیں ہی پہنچتا ہے اور جس کی وجہ سے فضل وکرم معافی اور مغفرت ہم ہی کو ملتی ہے۔

درود شریف کو جو ایک دُعا اور سلام ہے عبادات میں امتیازی حیثیت اسی لئے حاصل ہے کہ خلوص دِل اور محبّت جگر سے اسے کثرت سے پڑھنے سے رَبّ العالمین کی خاص الخاص شفقت وعنایت اور رسول صلّی اللہ علیہ وسلّم کا روحانی قرب اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصی شفقت وشفاعت آسانی سے حاصل ہوتی ہے۔

Marfat.com



ابن کعب رضی اللہ عنہ کا دربار نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں معروضہ

ترمذی شریف میں ہے کہ حضرت ابن کعب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا یارسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم میں دعا میں آپ صلّی اللہ علیہ وسلم کے لئے کتنا وقت درود شریف کے واسطے مقرر کروں۔

آپ (صلّی اللہ علیہ وسلم) نے فرمایا جو تم چاہو، عرض کیا "چوتھائی" فرمایا اگر زیادہ کرو تو بہتری ہے۔ میں نے پھر عرض کیا کہ آدھا حصہ مقرر کروں۔ حضور پُر نور صلّی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا زیادہ کرو تو بہتر ہے میں نے عرض کیا ساری دعا

Marfat.com

میں درود شریف ہی پڑھتا رہوں یعنی کل وقت درود کے
لئے وقف کر دوں؟

حضور صلّی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر ایسا کریگا تو
اللہ تعالیٰ تیری دنیا اور آخرت میں کام آئے گا اور تیرے
سارے گناہ بخش دیگا۔ یعنی تیری سب حاجتیں پوری ہونگی۔

صلّی اللہ علیٰ محمد وآلِ محمد



Marfat.com

دُعا کی دَرُود سے مقبُولیت

حضرت شیخ ابو سلیمان دارانی رحمۃ اللہ علیہ سے نقل ہے کہ ساری عبادتوں میں مقبول اور نا مقبول ہونے کا خطرہ ہے لیکن درود شریف ایک ایسی عبادت ہے جو فوراً قبول ہوتی ہے۔

حضور اکرم صلّی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف ہر حال میں مقبولیت کا درجہ رکھتا ہے ہے۔ اس لئے ہر دُعا میں درود شریف پڑھنا یقیناً دعا قبول کرانے کا ذریعہ ہے۔

جہاں تک ہو سکے ہم گنہ گاروں کو اس فتنے فساد کے زمانے میں درود شریف کا زیادہ سے زیادہ ورد رکھنا چاہیئے اور اپنے قلب کو منوّر کرنا چاہیئے۔ اس عمل سے آسانی سے قلب

Marfat.com

منوّر ہوتا ہے۔ گناہ معاف ہوتے ہیں اور اعمال درست
ہو جاتے ہیں۔ امیدیں بر آتی ہیں۔ فتح اور مسرت حاصل ہوتی
ہے ربّ تعالیٰ کی رضا حاصل ہو جاتی ہے اور سب سے زیادہ
اور اہم یہ کہ قیامت کے سخت ترین دہشت ناک دن میں ورود
خواں کو امن اور اطمینان نصیب ہوتا ہے۔

اللہ یہ نعمت ہر ایک کو نصیب کرے۔ آمین

یَارَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا
عَلٰی حَبِیْبِکَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّهِمِ

Marfat.com

دُرُود
عزوجل
اللہ کا ذکر ہے

خداوند کریم نے قرآن شریف میں فرمایا ہے:۔

وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ

یعنی بلند کیا ہم نے تمہارے لئے تمہارا ذکر۔

علامہ قاضی عیاض تفسیر فرماتے ہیں کہ حق تبارک و تعالیٰ نے اپنے حبیب احمد مجتبیٰ محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم سے ارشاد فرمایا ہے کہ:۔

"میں نے تمہیں اپنی یاد میں سے ایک یاد کیا جسنے تمہارا ذکر کیا اس نے میرا ذکر کیا"۔ اس کا صاف اور آسان مطلب

Marfat.com

یہ ہے کہ جس نے حضور پُر نور رسول اکرم صلّی اللہ علیہ وسلم پر
صلوٰۃ وسلام پڑھا تو اس نے تحقیق اللہ تعالیٰ کا ذکر کیا۔

حضرت مولانا محمد علی خان مرحوم رامپوری اپنی مشہور
کتاب "فلاح دین و دنیا" میں فرماتے ہیں کہ جو شخص صدقِ دل
سے ایک مرتبہ حضرت رسول مقبول احمد مجتبیٰ محمد مصطفےٰ صلّی اللہ
علیہ وسلم پر درود بھیجتا ہے تو گناہوں سے ایسا پاک ہو جاتا ہے
جیسے ماں کے پیٹ سے ابھی پیدا ہوا۔ ایک لاکھ نیکیاں اس کے
اعمال نامہ میں لکھی جاتی ہیں اور اس کا نام زندہ اولیاء میں تحریر
ہوتا ہے یہ ہے مختصراً درود شریف کا ثواب۔

"ذکر حبیب کم نہیں وصل حبیب سے"

صلی اللہ علیہ وسلّم

☆

Marfat.com



حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس درود کا پہنچنا

(۱) حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور انور محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ اللہ تبارک تعالیٰ کے بہت فرشتے ایسے ہیں جو زمین پر پھرتے رہتے ہیں اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلّم کی امت کی طرف سے حضور اکرم صلّی اللہ علیہ وسلّم کو سلام پہنچاتے رہتے ہیں۔

(۲) حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور پُرنُور صلّی اللہ علیہ وسلّم کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ حضور صلّی اللہ علیہ وسلم نے ایک بار فرمایا کہ تم جہاں کہیں ہو مجھ پر درود پڑھتے رہا کرو، بے شک تمہارا درود میرے پاس پہنچتا رہتا ہے

Marfat.com

(۳) حضرت انس رضی اللہ عنہ سے حدیث شریف

نقل کی گئی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی مجھ پر درود پڑھتا ہے وہ مجھ تک پہنچ جاتا ہے اور میں اس کے بدلے میں اس پر درود بھیجتا ہوں اور اسکے لئے دس نیکیاں لکھی جاتی ہیں۔

(۴) مشکوٰۃ شریف میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث نقل کی گئی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھ پر درود پڑھا کرو اس لئے کہ تمہارا درود مجھ تک پہنچ جاتا ہے۔

(۵) حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ سے حدیث شریف ہے کہ رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اللہ جل شانہ، نے ایک فرشتہ میری قبر پر مقرر کر رکھا ہے جس کو ساری مخلوق کی باتیں سننے کی قدرت عطا فرما رکھی ہے۔ پس جو

Marfat.com

شخص مجھ پر درود بھیجتا رہے گا وہ فرشتہ مجھ کو اس کا اور اس کے باپ کا نام لے کر درود پہنچاتا رہے گا کہ فلاں شخص کا بیٹا ہے اس نے آپ پر درود بھیجا ہے۔

(۶) حدیث شریف میں آیا ہے کہ ایک ایسا فرشتہ ہے جس کو خداوند قدوس نے ساری مخلوق کی بات سننے کی قوت عطا فرمائی ہے وہ قیامت تک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر پر متعین رہے گا جب کوئی شخص آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے گا وہ فرشتہ اس شخص کا اور اس کے ماں باپ کا نام لیکر حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے کہتا ہے کہ فلاں کا بیٹا ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجتا ہے۔

(۷) حضرت علامہ سخاوی رحمۃ اللہ علیہ نے قول بدیع میں حضرت سلیمان بن یحیم رحمۃ اللہ علیہ سے نقل کیا ہے کہ میں نے خواب میں حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی میں

Marfat.com

نے دریافت کیا کہ یارسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم یہ جو لوگ حاضر ہوتے ہیں اور آپ (صلّی اللہ علیہ وسلم) پر سلام کرتے ہیں آپؐ ان کو سنتے ہیں ؟

آقائے نامدار صلّی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا "ہاں سُنتا ہوں اور ان کے سلام کا جواب بھی دیتا ہوں"۔

(۸) حضرت ابراہیم بن شیبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں حج سے فارغ ہو کر مدینہ شریف گیا اور روضۂ اقدس صلّی اللہ علیہ وسلم کے پاس جا کر قبر کے نزدیک سلام عرض کیا میں نے حجرہ شریف کے اندر سے صاف طور پر "وعلیکم السلام" کی آواز سُنی۔

یَارَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا
عَلٰی حَبِیْبِکَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّھِمِ

Marfat.com

دُرُودِ شریف
اور
دریائے رحمت

حضرت مولانا شاہ عبدالحق صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ درود شریف پڑھنے والو یاد رکھو تم دریائے رحمت کے تیراک ہو۔

جب اَللّٰھُمَّ صَلِّ کہا تو کرم خداوندی کے دریاؤں میں غوطہ زن ہوئے۔

جب عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ

کے الفاظ زبان پر آئے تو دریائے رسالت کی موجوں میں آگئے۔

جس وقت وَّعَلٰی اٰلِہٖ کہا تو اہلِ بیتِ نبی صلّی اللہ علیہ وسلم کی بخششوں کے دریاؤں میں لہریں لے رہے ہو۔

Marfat.com

اے صحرائے معصیت میں پیاسے بھٹکنے والو! کس طرح
یہ بات سمجھ میں آئے کہ ایسے ایسے نورانی دریاؤں سے جن سے تمناؤں
کی کھیتیاں سرسبز و شاداب ہوتی ہیں، گلشنِ ایمان ہرا بھرا ہو کر لہلہاتا
ہے قلب اور دل و دماغ کو سرور و فرحت حاصل ہوتی ہے،
روح و ایمان کو تر و تازگی ملتی ہے۔ تم تشنہ کام اور نامراد پھرو۔

فوراً پڑھو۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ
عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ بَارِكْ وَ
سَلِّمْ

Marfat.com

صلی اللہ علیہ وسلم

رسول اللہ کے چہرے کی زیارت

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے

روایت ہے کہ میں نے ایک مرتبہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرۂ مبارک دیکھ کر کہا سُبْحَانَ اللہِ آپ کا چہرہ اور رنگ کیسا نور سے لبریز ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے عائشہ ان لوگوں کے لئے بڑی خرابی ہے جو قیامت کے دن اس چہرے کو دیکھنے سے محروم ہو جائیں گے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ لوگ بخیل ہوں گے۔

عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کہا تو میں نے پوچھا بخیل کون ہے؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بخیل وہ ہے جو میرا نام سنے اور درود نہ پڑھے۔

Marfat.com

فرمایا

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ

جو شخص مجھ پر درود بھیجتا ہے اس پر اللہ عزوجل
کے فرشتے درود بھیجتے ہیں جس پر اللہ کے
فرشتے درود بھیجتے ہیں اس پر خود اللہ تعالیٰ
درود بھیجتا ہے اور جس پر اللہ تعالیٰ درود
بھیجتا ہے اس کیلئے ساتوں زمینوں اور آسمانوں کی
ہر چیز چرند، پرند شجر و حجر دعا کرتے ہیں۔

Marfat.com

صرف ایک درود

علامہ سخاویؒ بعض تواریخ سے نقل کرتے ہیں کہ بنی اسرائیل میں ایک شخص بہت گنہگار تھا جب وہ مرگیا تو لوگوں نے اس کو زمین پر پھینک دیا۔ اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام پر وحی بھیجی کہ اس شخص کو غسل دیکر خود نماز جنازہ پڑھیں اس کو معاف کر دیا گیا

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا یا اللہ کیسے معاف کر دیا، خداوند قدوس نے فرمایا اس شخص نے ایک رات توریت میں میرے پیارے نبی محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا نام دیکھا تو اس نے تعظیماً ان پر درود پڑھا میں نے اس وجہ سے مغفرت کر دی۔

سبحان اللہ ایک درود کی وجہ سے رب تعالیٰ نے سخت گنہگار کو معاف کر دیا۔

Marfat.com

اگر امّت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کے افراد ہر روز ایک
مرتبہ بھی درود پڑھیں تو باری تعالیٰ ان کو کتنا ثواب دیگا۔
ہر ایک مسلمان کا فرض ہے کہ خاص طور پر جمعہ کے دن
یا جمعہ کی رات کو ساری کتاب کے سب کے سب درود شریف
کم از کم ایک مرتبہ پڑھ لے اگر یہ ممکن نہیں تو مہینے میں ایک بار
اگر یہ بھی ممکن نہیں تو سال میں ایک بار اگر یہ بھی ممکن نہیں تو
عمر بھر میں ایک بار اس کتاب کے سب کے سب درود شریف
ضرور پڑھ لے، پھر جنت کی امید رکھے اللہ بڑا رحیم و کریم
ہے بے بخش بھی دے تو کیا تعجب کی بات ہے۔

یَارَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا
عَلٰی حَبِیْبِکَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّهِمِ

Marfat.com

۱ چاند سورج اور درود شریف

ایک فنا فی قلبی کے مرتبہ پر پہنچنے والے بزرگ (نام ظاہر کرنے کا حق نہیں) ایک روز عشاء کی نماز کے بعد اپنے رہبرِ کامل کے پاس حاضر ہوئے اور بزرگ کو دیکھتے ہی چیخ چیخ کر نعرہ اللہ اکبر لگا کر بے ہوش ہو گئے۔ آخر دو گھنٹے کے بعد جب ہوش آیا تو تحقیق کی گئی کہ بھائی کیا بات تھی، جس نے تم کو پاگل بنا دیا؟ آخر حقیقت کیا ہے؟ اس بزرگ نے کہا کیا عرض کروں۔ سینکڑوں چاند اور سورج ہیں کہ جو حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر اطہر و منوّر سے نکل کر حضرت مُرشد کامل کے نورانی دل میں پے در پے سما رہے تھے

Marfat.com

جن کی روشنیوں اور تجلّیوں کی تاب مجھ میں نہ رہی اور میں چیخ اٹھا۔

ایک محرم راز نے اس مرشد سے پوچھا کہ حضور یہ جو آپ کے مرید نے سُورج اور چاند دیکھے یہ کیا تھے؟ اتنے سورج اور چاند کہاں سے آتے۔ بزرگ کامل نے آہستہ سے فرمایا کہ اس وقت میں حضور دل سے رسول اکرم صلّی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف پڑھ رہا تھا۔ چوں کہ یہ مرید اپنے دل کے آئینہ کی ذکر قلبی اور ذکر خفی سے پوری صفائی کر چکا تھا لہذا میرے دل کا عکس اس کے دل کے آئینہ میں چمک اٹھا۔ یہ سب درود شریف کی برکتیں ہیں۔

حاصل مطلب یہ ہے کہ درود شریف چاند اور سورج کی صورت میں ان کو نظر آئے۔ حالانکہ چاند اور سورج بھی کیا ہیں۔ درود شریف ان سے بڑھکر ہے اس لئے کہ فعل الٰہی ہے خود خداوند تعالیٰ درود بھیجتا ہے۔

Marfat.com

ابو سلیمان کا فلسفہ

رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

حضرت ابو سلیمان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جو کوئی چاہے کہ اس کی حاجتیں پوری ہوں تو دعا میں زیادہ سے زیادہ درود شریف پڑھے۔ دعا یا حاجت مانگنے سے پہلے درود پڑھے اور آخر میں بھی درود پڑھے۔ اللہ تعالیٰ درود کو فوراً قبول کرتا ہے اور جب اوّل و آخر میں درود ہے، جس کو قبول فرمائے گا تو بیچ کا حصّہ یعنی حاجت کی دُعا ضرور قبول فرمائے گا

اس طرح انشاء اللہ کام ہو جائے گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی
اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ

Marfat.com

قبولیت کی کنجی

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ کوئی دُعا ایسی نہیں ہے کہ اس میں اور اللہ تعالیٰ کے بیچ میں پردہ نہ ہو۔ مگر جب کوئی شخص مجھ پر درود بھیجتا ہے تو اس درود کی برکت سے وہ پردہ ہٹ جاتا ہے اور دُعا درود کے ہمراہ بارگاہ الٰہی میں درجۂ قبولیت پر پہنچتی ہے اور اگر کوئی شخص دُعا مانگنے کے ساتھ مجھ پر درود نہیں بھیجتا تو اس کی دعا الٹی پھر آتی ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ

Marfat.com

مشرق و مغرب کا فرشتہ

دلائل الخیرات میں ایک نہایت ہی عجیب حقیقت درج ہے کہ حضور اقدس صلّی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے میرے اوپر بسبب تعظیم درود بھیجا تو اللہ تعالیٰ اس کی وجہ سے ایک ایسا فرشتہ پیدا کرتا ہے جس کا ایک بازو مشرق میں اور دوسرا مغرب میں اور پاؤں اس کے ساتوں زمینوں کے نیچ میں ہوتے ہیں اور گردن اس کی عرش سے لگی رہتی ہے اللہ تعالیٰ اس فرشتے سے فرماتا ہے۔ اے فرشتے درود بھیج اس بندے کے اوپر جس نے درود بھیجا تعظیم کے لئے میرے نبی صلّی اللہ

Marfat.com

علیہ وسلم پر پس وہ فرشتہ قیامت تک اس آدمی پر درود
بھیجتا رہتا ہے۔ (سُبحانَ اللہ)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ
وَسَلِّمْ



Marfat.com

درُود شریف کی برکت

شیخ المشائخ شبلی نور اللہ مرقدہ سے نقل کیا گیا ہے کہ میرے پڑوس میں ایک آدمی مرگیا میں نے خواب میں دیکھا اور پوچھا کہ کیا گزری اس شخص نے کہا میرے اوپر سخت سے سخت اور عجیب وغریب پریشانیاں گذریں۔ جب فرشتوں نے منکر نکیر کے جوابات مکمل نہ دینے پر مجھے عذاب دینے کا ارادہ کیا تو ایک نہایت حسین وجمیل شخص میرے اور ان کے درمیان حائل ہوگیا اس مبارک شخص سے اعلیٰ درجہ کی خوشبو آرہی تھی اس نے فرشتوں کو میری طرف سے جوابات دئے اور میں بچ گیا۔ میں نے ان سے عرض کیا کہ آپ کون ہیں جو اس مصیبت میں میرے

Marfat.com

کام آئے تو انہوں نے کہا کہ میں تیری کثرت درود سے پیدا
کیا گیا فرشتہ ہوں مجھ کو حکم ہے کہ ہر مصیبت میں تیرا
ساتھ دوں اور مدد کروں۔

یہ ہے درود شریف کی عنایت و برکت۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی
اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ

Marfat.com

چار سو مرتبہ جہاد

حضرت ابو سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اکرم صلّی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایک چیز ایسی ہے جس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ جنت میں بندے کے سو درجے بلند کرتا ہے اور ہر دو درجے کے درمیان بلندی کا اتنا فاصلہ ہے جتنا زمین و آسمان کے درمیان ہے۔

ابو سعید رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم وہ کیا چیز ہے؟ آقائے نامدار صلّی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جہادِ فی سبیل اللہ۔ جہاد فی سبیل اللہ۔ جہاد فی سبیل اللہ۔ (مسلم)

Marfat.com



Marfat.com

لیکن، اگر جہاد کی توفیق نہ ہو

یعنی ضعیف العمری یا بیماری وغیرہ کی وجہ سے جہاد کی طاقت نہ ہو تو پھر ایسے وقت میں درود شریف کام آتا ہے اور اتنا ہی ثواب مل جاتا ہے جیسا کہ حضور انور صلّی اللہ علیہ وسلم کی حدیث کے ذیل میں درج ہے۔

حضور سرور کونین صلّی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرتبہ فضائل حج بیان فرماتے کہ جو حج کر کے جہاد کو جائے تو ایک جہاد کا ثواب چار سو (۴۰۰) بار حج کے برابر پائے گا وہ لوگ جن میں طاقت نہ تھی اس بات کو سن کر مایوس اور دل شکستہ ہونے لگے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص مجھ پر درود بھیجے گا وہ ایسی جزا پائے گا جو چار سو (۴۰۰) مرتبہ جہاد کرنے والے کو ملنا چاہیئے۔ اس روایت کو حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ نے بھی نقل کیا ہے۔

Marfat.com

فرمایا

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ

نے

حضور صلی اللہ علیہ وسلم

پر درود بھیجنا گناہوں کو اس طرح ختم

کر دیتا ہے جیسے ٹھنڈا پانی بھڑکتی ہوئی آگ کو

(اصفہانی، شفاء شریف)

Marfat.com

دُرود کی غیبی امداد

مواہب لدنّیہ میں تفسیر قشیری سے نقل ہے کہ قیامت میں جب کسی مومن کی نیکیاں کم وزن ہو جائیں گی تو رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم ایک پرچہ سرانگشت کے برابر نکال کر میزان میں رکھ دیں گے جس سے نیکیوں کا پلہ وزنی ہو جائے گا مومن کہے گا میرے ماں باپ آپ صلّی اللہ علیہ وسلم پر قربان ہو جائیں. آپ صلّی اللہ علیہ وسلم کی صورت اور سیرت کیسی اچھی ہے. آپ صلّی اللہ علیہ وسلم جواب دیں گے میں تیرا نبی صلّی اللہ علیہ وسلم ہوں اور یہ درود شریف جو تو نے مجھ پر پڑھا تھا. وہ پرچہ ہے جو سرانگشت کے برابر میزان پر رکھا ہے اب تیری حاجت کے وقت اس درود نے حق ادا کر دیا ہے۔

Marfat.com

مُصافحہ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب دو مسلمان مصافحہ کرتے وقت درود پڑھتے ہیں تو ان کے جدا ہونے سے پہلے ربّ غفور و رحیم ان کے سب کے سب گناہ معاف کر دیتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ بَارِكْ وَسَلِّمْ

Marfat.com

آسان صدقہ

حدیث شریف میں آیا ہے کہ کوئی چیز اللہ تعالیٰ کے غصہ کو ٹھنڈا نہیں کرتی سوائے صدقہ کے۔

لیکن

اگر صدقہ دینے کی طاقت نہ ہو تو کیا کرنا چاہیے؟

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث نقل کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جس کسی مسلمان کے پاس صدقہ دینے کے لئے کوئی چیز نہ ہو تو وہ اپنی دعا میں یہ درود پڑھے۔

Marfat.com

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَ
رَسُوْلِكَ وَصَلِّ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ
وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی حدیث نقل کرتے ہیں
کہ حضورِ انور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھ پر یہ درود (اوپر والا)
پڑھا کرو۔ اس لئے کہ تمہارے لئے صدقہ ہے

Marfat.com

ہزار دن ایک درود

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے نزہت المجالس میں حدیث شریف منقول ہے کہ صلّی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص یہ درود صبح و شام پڑھے گا تو ثواب لکھنے والے ایک ہزار دن تک ثواب لکھتے رہیں گے۔

اَللّٰھُمَّ رَبَّ مُحَمَّدٍ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاجْزِ مُحَمَّدًا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا ھُوَ اَھْلُہٗ ۝

Marfat.com

دولت کا نسخہ

شرح احیاء علوم دین میں روایت ہے کہ کثرت سے
رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنا فاقہ اور افلاس وغربت کو
دور کرتا ہے۔ واقعی اگر کوئی عشاء کی نماز کے بعد ۳۱۲ مرتبہ بسم اللہ
کے ساتھ درود پڑھے جلد از جلد امیر ہو جائیگا۔ حدیث شریف میں آیا
ہے کہ جو کوئی درود پڑھتا ہے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم اس کے
کاروبار کے متولی اور وکیل ہوں گے۔ حشر، حساب اور میزان
میں تولنے کے وقت پل صراط پر چلنے کے وقت اس کے
علاوہ سب گناہ بخشوا کر اس شخص کو جنت میں داخل کرائیں گے
انشاء اللہ۔

(ترتیب العلواۃ)

Marfat.com

غربت کا خاتمہ

"حصن حصین" عملیات و وظائف کی ایک لاجواب کتاب ہے اسکے مؤلف فرماتے ہیں :-

کہ درود شریف کے شیریں پھل بے حساب ہیں جن کو کوئی کسی بھی حالت میں گن نہیں سکتا۔ خصوصاً تنگی اور مشکل وغیرہ کے دور ہونے اور حاجت کے بر آنے میں بارہا میں نے یہ تجربہ کیا ہے یہاں تک کہ اکثر خوف اور ہلاکت کی جگہ پھنس گیا تو ایسے نازک وقت میں بھی اللہ تبارک و تعالیٰ نے درود شریف کی برکت سے مجھے نجات بخشی۔

حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ بھی فرماتے ہیں کہ دنیا اور آخرت میں تکلیفوں سے نجات حاصل کرنے کے لئے درود سے بڑھ کر کوئی علاج نہیں۔

Marfat.com

سرورِ کونین
صلی اللہ علیہ وسلم

نے ارشاد فرمایا ہے کہ جس پر کوئی مصیبت
آئے یا کوئی حاجت ہو یا تکلیف ہو اس کو چاہیئے
کہ کثرت سے مجھ پر درود پڑھے کیونکہ زیادہ درود
رنج و غم کو دور کرتا ہے اور رزق کو زیادہ کرتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ
بَارِكْ وَسَلِّمْ

Marfat.com

حضرت عبید اللہ بن قدار رحمۃ اللہ علیہ عجیب واقعہ بیان کرتے ہیں کہ ایک کاتب میرا ہمسایہ تھا جو ایک دن انتقال کرگیا میں نے اس کو خواب میں دیکھا اور دریافت کیا۔ اے دوست اللہ تعالیٰ نے تمہارے ساتھ کیا معاملہ کیا۔ بولا اللہ تعالیٰ نے مجھے بخش دیا اور ایسے ایسے انعامات و اکرام دیئے ہیں جن کو نہ کسی آنکھ نے دیکھا اور نہ کانوں نے سُنا نہ دماغ نے سوچا۔

عبید اللہ بن قدار رحمۃ اللہ علیہ نے کہا کون سا عمل تھا جس کے بدلے میں تو بخشا گیا۔

Marfat.com

کاتب نے کہا میرا معمول تھا کہ کتابت کرتے وقت جہاں کہیں بھی رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کا نام نامی آتا تو میں آپ کے نام صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ صلی اللہ علیہ وسلم ضرور لکھتا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے اسی احترام اور اس درود کے بدلے میں یہ انعامات عطا فرمائے۔



Marfat.com

جمعہ کے دن
درود شریف کی
فضیلت

حضورِ اکرم صلّی اللہ علیہ وسلم کے ایک صحابی حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ حدیث نقل کرتے ہیں کہ حضور پُر نور صلّی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ

میرے اوپر جمعہ کے دن کثرت سے درود پڑھا کرو اس لئے کہ میری امت کا درود ہر جمعہ کو مجھ پر پیش کیا جاتا ہے۔

پس جو شخص میرے اوپر درود پڑھنے میں سب سے زیادہ حریص ہوگا وہ مجھ سے قیامت کے دن سب سے زیادہ قریب ہوگا۔

Marfat.com

حضور اکرم صلّی اللہ علیہ وسلم کے ایک اور صحابی حضرت ابو مسعود انصاری رضی اللہ عنہ، کی حدیث نقل ہے کہ حضور سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جمعہ کے دن میرے اوپر کثرت سے درود بھیجا کرو اس لئے کہ جو شخص بھی جمعہ کے دن مجھ پر درود بھیجتا ہے وہ مجھ پر فوراً پیش ہوتا ہے۔

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ، کی حدیث بھی نقل ہے کہ رسولِ مقبول صلّی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ میرے اوپر روشن رات اور روشن دن میں کثرت سے درود بھیجا کرو اس لئے کہ تمہارا درود مجھ پر پیش ہوتا ہے اور میں تمہارے لئے دعا اور استغفار کرتا ہوں۔

روشن رات یعنی جمعہ کی رات اور جمعہ روشن دن حضرت آدم علیہ السلام جمعہ ہی کے دن پیدا ہوئے تھے۔

رسولِ اکرم صلّی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جس نے جمعہ کے دن مجھ پر درود بھیجا وہ قیامت کے دن اس حال میں آئے گا کہ اس کے ساتھ عظیم الشان نور ہوگا کہ اگر اس نور کو تمام مخلوق کے درمیان

Marfat.com

تقسیم کر دیا جائے تو انہیں کفایت دی جائے گی۔ (کنز العمال)

(۲) بلوغ المسرات میں حافظ ابن قیم رحمۃ اللہ علیہ نقل فرماتے ہیں کہ جمعہ کے دن درود شریف کی زیادہ فضیلت کی وجہ یہ ہے کہ جمعہ کا دن تمام دنوں کا سردار ہے اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم پر درود کے ساتھ اسے ایسی خصوصیت ہے جو اور دنوں کو نہیں ہے۔ بعض بزرگ فرماتے ہیں کہ جمعہ کے دن حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم والد کی پشت سے والدۂ محترمہ کے پیٹ میں تشریف لائے تھے۔ حضرت امام احمد بن حنبل فرماتے ہیں کہ شبِ قدر سے افضل ہے جمعہ کا دن۔

(۳) حضرت انس رضی اللہ عنہ سے نقل ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس شخص نے جمعہ کے دن مجھ پر سو بار درود بھیجا تو اس کے سال کے گناہ برابر معاف کر دیئے جائیں گے۔

Marfat.com

(۴) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جمعرات کے دن اللہ تعالیٰ آسمانوں سے فرشتے روانہ کرتا ہے ان کے پاس سونے کے قلم اور چاندی کے کاغذ ہوتے ہیں۔ وہ جمعرات کے دن اور جمعہ کی شب میں جو حضور پُر نور صلّی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھتا ہے اس کا نام لکھ لیتے ہیں۔ حدیث شریف میں آیا ہے کہ جمعہ کے دن جو شخص رسول صلّی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجتا ہے تو کوئی فرشتہ ایسا نہیں جو پڑھنے والے پر صلوٰۃ نہ بھیجے۔

اللہ تعالیٰ کو پسند ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی
اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ

Marfat.com

ایک درود جس کا ثواب لامحدود ہے

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حدیث شریف نقل ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جس شخص کو یہ بات پسند ہو کہ جب وہ ہمارے گھرانے پر درود بھیجے تو اس کا ثواب بہت بڑے پیمانے میں ناپا جائے تو وہ ان الفاظ سے درود پڑھا کرے:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاَزْوَاجِہٖ اُمَّھَاتِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَذُرِّیَّتِہٖ وَاَھْلِ بَیْتِہٖ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَاٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

Marfat.com

فرشتوں کے ساتھ نماز

حضرت ابوذر رحمۃ اللہ علیہ نے ایک شخص کو خواب میں دیکھا کہ آسمان پر فرشتوں کے ساتھ نماز پڑھ رہا ہے حضرت نے سبب پوچھا کہ یہ اعزاز کیسے حاصل ہوا اس شخص نے جواب دیا کہ میں جب کوئی حدیث لکھنے بیٹھتا اور سرکار دوعالم صلّی اللہ علیہ وسلم کا نام آتا تو فوراً درود شریف لکھ لیتا تھا اس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے یہ اعزاز و اکرام عطا فرمایا ہے۔

یَارَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا
عَلٰی حَبِیْبِکَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّھِمِ

Marfat.com

علامہ شہاب خفاجی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا فلسفہ

حضرت علامہ شہاب خفاجی رحمۃ اللہ علیہ نے شرح شریف میں فرمایا ہے کہ کثرت سے درود شریف نہ پڑھ سکے تو کم از کم ۳۱۲ مرتبہ ضرور پڑھے یہی کثرت سے درود سمجھا جائے گا۔

مزرع الحسنات میں فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے ۳۱۲ کے عدد میں خاص تاثیر رکھی ہے جہاں یہ عدد پایا جاتا ہے فلاح اور خیر و برکت پائی جاتی ہے۔ اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبروں میں ۳۱۲ کو رسول بنایا۔

Marfat.com

غزوہ بدر میں شریک ہونے والے صحابہ رضی اللہ عنہ کی یہی تعداد تھی جنہوں نے ہزاروں کو مار بھگایا۔

حضرت طالوت رضی اللہ عنہ کا لشکر جس نے جالوت اور اس کے ساتھیوں کو مار بھگایا۔ ۳۱۳ تھے وغیرہ اس لئے ۳۱۳ بھی سیحا عدد ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی
اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ



Marfat.com

درود شریف وسیلہ شفاعت ہے

علامہ سخاوی رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے کہ بہت ہی مؤثر وسیلہ شفاعت درود شریف ہے۔ اس نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر جس پر اللہ تعالیٰ خود درود پڑھتا ہے۔ فرشتے درود پڑھتے ہیں اور اللہ تعالیٰ نے اس کو دنیا اور آخرت میں اپنی قربت کے ساتھ مخصوص فرمایا ہے ہم درود پڑھتے ہیں تو شفاعت کی امیدوی ہو جاتی ہے یہ ایسی تجارت ہے جس میں گھاٹا نہیں۔ علامہ سخاوی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ درود سے اعمال صاف ستھرے ہو جاتے ہیں اور یہ ایک نور ہے اس کے ورد سے امیدیں بر آئیں گی۔ قلب منور ہو گا اور قیامت کے سخت ترین اور دہشت ناک دن میں امن نصیب ہو گا۔ پل صراط سے بآسانی گذر ہو گا اور جنت جلد حاصل ہو گی۔ آمین

Marfat.com

روحانیت کا راز

حصن حصین کے مؤلف نے بیان کیا ہے کہ درود شریف کے فوائد بیشمار ہیں۔ اس جگہ سب کو درج کرنا ناممکن ہوگا مختصراً یہ کہ قیامت کے دن تنگیوں پریشانیوں سے درود شریف کی بدولت نجات حاصل ہوگی۔ دنیا میں بھی اور دین میں بھی بارہا اس چیز کا تجربہ کیا گیا ہے کہ جب کوئی سخت سے سخت ترین پریشانی لاحق ہوئی تو وہ درود شریف ہی کی برکت سے زائل ہوئی ہے۔

بزرگان دین تاکید کرتے ہیں کہ کم از کم یومیہ ایک سو مرتبہ درود پڑھنا چاہیے اس سے قلب منوّر ہوتا ہے۔ جب کوئی ایک سو مرتبہ درود شریف کا ورد کرتا ہے تو وہ ولی کامل ہے۔

Marfat.com

درود کی اصلی حقیقت

اَفْضَلُ الذِّکْرِ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

کو کہا گیا ہے مگر اس کلمہ میں صرف یہی الفاظ ہیں جن کو آپ اُوپر دیکھ سکتے ہیں۔ یعنی لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

یہ افضل الذکر اس لئے ہے کہ اس کلمہ میں اللہ اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم دونوں کے نام ایک ساتھ آ گئے ہیں مگر دیکھئے کیا راز سمویا گیا ہے، ایک سے التجا کی گئی ہے اور دوسرے کے لئے دعا مانگی گئی ہے۔ یعنی دونوں سے ہم بذات خود مخاطب ہیں۔ اللہ سے عرض کیا گیا ہے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے اوپر اور

Marfat.com

ان کی اولاد کے اوپر سلامتی بھیج اور یہ الفاظ تو خود اللہ پاک بھی کہہ رہا ہے ہم تو صرف اللہ پاک کی ہاں میں ہاں ملانے والے ہیں۔

اب جبکہ ہم اللہ تعالیٰ سے بھی بات کر رہے ہیں اور حضور آقائے نامدار صلّی اللہ علیہ وسلم سے بھی، اس لئے اگر

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

افضل الذکر ہے تو درود شریف اعلیٰ ترین دعا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ بَارِكْ وَسَلِّمْ

کلمہ: افضل الذکر اور درود : افضل الدعا

اس دعا کے مانگنے سے خدا بھی خوش اور اس کا رسول بھی راضی۔ نہ فقط کلمہ افضل الذکر اور درود افضل الدعا ہے بلکہ یہ فلسفہ بھی افضل الفلسفہ ہے۔ سبحان اللہ

Marfat.com

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شفقت

حضرت شیخ ابن قبرمکی رحمۃ اللہ علیہ کی روایت ہے کہ ایک آدمی ہر رات سوتے وقت درود شریف پڑھا کرتا تھا۔ ایک رات اس نے خواب میں دیکھا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس کے پاس تشریف لائے اور اس کا تمام گھر روشن ہو گیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا وہ منہ لاؤ جو کہ بہت درود پڑھتا ہے۔ تاکہ بوسہ دوں۔ اس آدمی نے شرماتے ہوئے رخسار سامنے کر دیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے رخسار پر بوسہ دیا اس کے بعد وہ نیند سے بیدار ہو گیا اور اس کا سارا گھر مشک کی خوشبو سے معطر تھا (دوسرے محدثین نے بھی یہ روایت نقل کی ہے)

Marfat.com

آسان عمل اجر عظیم

حضرت رویفع بن ثابت رضی اللہ عنہ سے حدیث شریف

نقل ہے کہ جو شخص اس طرح کہے:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاَنْزِلْہُ
الْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَکَ یَوْمَ
الْقِیٰمَۃِ

اُس آدمی کیلئے میری شفاعت واجب ہو جاتی ہے۔ (سبحان اللہ)

اوپر والے درود شریف کے معنیٰ یہ ہیں کہ:۔

اے اللہ عزوجل محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیج اور ان کو قیامت کے دن اونچے ٹھکانے پر بٹھا جو تیرے نزدیک نہایت مقرب ہو۔

Marfat.com

امام رازی رحمۃ اللہ علیہ کا فلسفہ

حضرت امام فخر الدین رازی فرماتے ہیں کہ استغفار اور درود میں سے درود کو بہتر جانو درود پڑھو اور استغفار کا کام حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں دیدو کیونکہ درود شریف تو سراسر فعل الٰہی ہے اس کے منظور ہونے یا نہ ہونے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا مگر استغفار دعا کی ایک درخواست ہے ہمیں یقین نہیں کہ قبول ہوگی یا نہیں اگر دعا میں اخلاص وغیرہ شامل نہیں تو اس کے قبول نہ ہونے کا اندیشہ ہے اس لئے استغفار کا یقین نہیں کیا جا سکتا اور درود شریف کے قبول ہونے میں کسی شک وشبہ کی گنجائش نہیں۔

اس لئے کامیاب اور اطمینان بخش طریقہ یہ ہے کہ ہم زیادہ سے

Marfat.com

زیادہ درود کا ورد جاری رکھیں اور استغفار کا کام حضور پر نور صلّی اللہ علیہ وسلم پر چھوڑ دیں وہ ہمیشہ ہی اپنی اُمت کے لئے استغفار کرتے رہتے ہیں اور حضور پر نور صلّی اللہ علیہ وسلم کی استغفار اور دعا ہر حال میں قبول ہی قبول ہے۔ ادھر ہمارا درود قبول ادھر حضور صلّی اللہ علیہ وسلم کی دعاء استغفار قبول دونوں طرف کامیابی ہی کامیابی ہے۔

(دونوں قبول)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ

Marfat.com

بے مثال محبت

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے حدیث ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:۔

اَوْلَی النَّاسِ بِیْ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ اَکْثَرُھُمْ عَلَیَّ صَلٰوۃً

یعنی قیامت کے دن لوگوں میں سب سے زیادہ مجھ سے قریب درود پڑھنے والا ہوگا۔ اس سے زیادہ کیا نعمت اس پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا سایہ ہوگا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ساتھ ہوگا پھر کس چیز کا کاڈر ہوگا ؟ یہ محبت بھی بے مثال محبت ہوگی اور بے مثال اعزاز اور عجیب انعام و اکرام جس کو نہ کان نے سُنا ہوگا اور نہ آنکھ نے دیکھا ہوگا۔

سُبْحَانَ اللّٰہ

Marfat.com

عشق اور عبادت

عشق اور عبادت میں زمین و آسمان کا فرق ہے۔ عبادت میں سجدہ اور عشق میں درود لازم و ملزوم ہیں۔ عبادت میں جنت ملتی ہے اور عشق میں جمال الٰہی لیکن جنت بغیر جمال الٰہی کے بے معنی بے رنگ اور بے مزہ ہے۔ عبادت کر کے جنت حاصل کرنے میں مزہ تو ہے لیکن درود پڑھ کر جمال الٰہی حاصل کرنے میں اصل کامیابی ہے۔

صلے اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

مجلس کی مغفرت

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے حدیث شریف ہے کہ رسول مقبول صلّی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو لوگ کہیں بیٹھے اور انہوں نے اس نشست میں نہ اللہ کو یاد کیا اور نہ اپنے رسول صلّی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجا تو قیامت میں یہ مجلس حسرت و بربادی کا باعث ہوگی چاہے پھر اللہ تعالیٰ عذاب دے یا معاف کردے۔

صوفیاء میں سے ایک بزرگ نقل کرتے ہیں کہ ایک شخص جس کا نام مسطح تھا اپنی زندگی میں سارا وقت گناہوں میں غرق رہتا تھا بعد مرنے کے خواب میں دیکھا گیا کہ وہ بڑی شان میں تھا ہم نے پوچھا یہ انعام کیسے؟ اس نے کہا اللہ تعالیٰ نے فوراً مغفرت فرمادی بڑے انعام و اکرام

Marfat.com

عطا کئے ہم نے پوچھا کیسے کس کام کے بدلے میں، اس نے کہا۔ ایک حدیث لکھنے والے استاد کے پاس بیٹھا تھا۔ جب استاد حدیث لکھتے وقت درود پڑھتے تو میں بھی زور سے درود پڑھتا۔ میری آواز سن کر سب مجلس والے درود پڑھتے تھے اللہ تعالیٰ نے میری اور اس ساری مجلس کی مغفرت کردی۔

موت آئی اور لے گئی سینکڑوں کو لحد میں
صلی اللہ علیہ وسلم
یا خدا بس میں مروں تیرے نبی کے شہر میں
یا گلی کوچوں کو صاف کرتے قضا کا فرشتہ آجائے
یا کتاب درود لکھتے لکھتے میرا وصال ہو جائے
(آمین)

Marfat.com

درود دعا بھی ہے
اور دوا بھی ہے

علامہ حضرت ابن المشتہر یوں فرماتے ہیں کہ جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اللہ جل شانہ کی ایسی حمد کردں جو سب سے زیادہ افضل ہو اور اب تک کسی مخلوق نے نہ کی ہو جو اولین اور آخرین اور ملائکہ مقربین آسمان والوں اور زمین والوں سے افضل ہو اور خاص طور پر ایسا درود جو سب سے افضل ترین ہو تو یہ پڑھا کرے۔

اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ کَمَا اَنْتَ اَھْلُہٗ
فَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا اَنْتَ
اَھْلُہٗ وَافْعَلْ بِنَا مَا اَنْتَ اَھْلُہٗ

Marfat.com

فَاِنَّكَ اَنْتَ اَهْلُ التَّقْوٰى
وَاَهْلُ الْمَغْفِرَةِ ○

اس کا ترجمہ یہ ہے :-

اے اللہ تیرے ہی لئے حمد ہے جو تیری شان کے مناسب ہے
محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیج جو تیری شان کے مناسب ہے اور
میرے ساتھ بھی وہ معاملہ کر جو تیری شان کے شایان ہو بے شک تو ہی
اس کا مستحق ہے کہ تجھ سے ڈرا جائے تو مغفرت کرنے والا ہے۔

(نوٹ) یہ درود بھی ہے۔ دوا بھی ہے اور دعا بھی ہے۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کو توفیق دے اسے بار بار پڑھنے اور پڑھانے اور
سننے کی۔ (آمین)

Marfat.com

۳ تین اعزاز

درود شریف پڑھنے والے کو اللہ تعالیٰ کے خزانے سے تین انمول تحفے عطا ہوتے ہیں۔

(۱) رحمت

(۲) فضل و کرم

(۳) شفقت

اس طرح دربار رسالت سے بھی درود شریف کا ورد کرنے والے کو تین تحفے ملتے ہیں۔

Marfat.com

(۱) سلامتی

(۲) شفاء

(۳) مغفرت

اسی طرح فرشتوں سے بھی درود پڑھنے والوں کو تین تحفے ملتے ہیں۔

(۱) رحمت

(۲) سلام

(۳) حفاظت

هُوَ الَّذِیْ یُصَلِّیْ عَلَیْکُمْ وَمَلٰٓئِکَتُهٗ

(اللہ تعالیٰ تم پر رحمت بھیجتا ہے اور اس کے فرشتے بھی)

Marfat.com

خاص خاص

۱ حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک اَلتَّحِیَّاتُ کے بعد نماز میں درود شریف پڑھنا فرض ہے۔

۲ اذان کے بعد بھی درود شریف پڑھنا چاہیئے۔

۳ مصائب اور آفات کے وقت بھی درود شریف مسنون اور سب مشکلات کا حل ہے۔

۴ حدیث شریف میں آیا ہے۔ کہ حضور پُر نور صلّی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بخیل ہے وہ آدمی جس کے سامنے میرا ذکر آئے اور وہ درود نہ پڑھے۔

Marfat.com

① درود شریف پڑھنے والا جب پل صراط پر گذرے گا تو اس کے ساتھ نور ہوگا۔

② درود شریف پڑھنے والے کے گناہ تین دن تک فرشتے نہیں لکھتے۔

③ روز محشر حضورِ اقدس سرکار دو عالم صلّی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ معانقہ کرنے کی سعادت نصیب ہوگی۔

Marfat.com

درود حبیب رسول

عرش کا سایہ

علامہ سخاوی رحمۃ اللہ علیہ ایک حدیث شریف میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نقل کرتے ہیں کہ تین آدمی قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کے عرش کے سائے میں ہوں گے جس دن اس سائے کے علاوہ اور کوئی سایہ نہ ہوگا ایک وہ شخص جو کسی مصیبت زدہ کی مصیبت ہٹائے۔ دوسرا وہ جو میری سنت کو زندہ رکھے۔ تیسرا وہ جو میرے اوپر کثرت سے درود بھیجے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَحَبِیْبِنَا وَ مَحْبُوْبِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ

Marfat.com

ایک آسان درود

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نقل

کرتے ہیں کہ جو شخص یہ دعا کرے :-

جَزَی اللّٰہُ عَنَّا مُحَمَّدًا مَّا ھُوَ اَھْلُہٗ

یعنی اے اللہ جزا دے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو ہم لوگوں کی طرف سے

جس کے وہ مستحق ہیں۔ (طبرانی)

تو اس دعا کا ثواب ستر فرشتوں کو ایک ہزار دن تک مشقت

میں ڈالے گا۔ یعنی ستر فرشتے ایک ہزار دن تک اس آدمی کیلئے دعا

مانگتے رہیں گے۔

سُبْحَانَ اللّٰہ

Marfat.com

جنّت کی چابی

حضرت خالد ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ کا جب وقت وفات قریب آیا تب لوگوں نے ان کے سرہانے کاغذ کے ایک پرچے پر یہ مضمون لکھا ہوا پایا کہ :-

بَرَاءَۃٌ مِّنَ النَّارِ لِخَالِدِ ابْنِ کَثِیْرٍ

یعنی خالد بن کثیر رحمۃ اللہ علیہ کو دوزخ سے نجات ہے اس کاغذ کے پرچے کو دیکھتے ہی لوگوں کو بڑا تعجب ہوا۔ سب کے سب فوراً ان کے گھر والوں کے پاس جمع ہو کر اس کا سبب دریافت کرنے لگے ہر ایک حیران تھا اور ہر ایک یہ راز سُننے کے لئے بے قرار تھا۔

گھر والوں سے معلوم ہوا کہ خالد ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ ہر جمعرات

Marfat.com

کو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر دس ہزار مرتبہ درود شریف پڑھا کرتے تھے۔ ان کا معمول تھا کہ رات کو دس ہزار مرتبہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ
وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلِّمْ

پڑھ کر ادب و اخلاص سے یہ تحفہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو بھیجتے تھے۔

سُبْحَانَ اللّٰہ اس درود شریف کو حضور پر نور صلی اللہ علیہ وسلم پر بھیجنے کا انعام ان کو دنیا ہی میں مل گیا۔ آخرت تو آگے ہے۔ جس میں جو انعام ملتے ہیں ان کو ہم سوچ بھی نہیں سکتے۔

" التجا کرتی ہے محبوبِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے عبدل
زندگی ہے تو تحفہ میں دیدوں گا اپنا دل"

کئی مشائخ دین اولیاء اور ایسے بھی خدا ترس بزرگ ہیں کہ جب وہ نماز میں التحیات پڑھنے بیٹھتے ہیں اور

اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّھَا النَّبِیُّ

Marfat.com

کہتے ہیں تو آقائے نامدار حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم اس کا باقاعدہ جواب۔

وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ

پاتے ہیں یہ سب درود شریف کی برکت ہے اور اس کے ورد سے حاصل ہو سکتی ہے۔ اللہ کے کئی مقرب بندے نماز کے بعد سارے کا سارا وقت صرف درود شریف کے ورد میں گذار دیتے ہیں اور اس سے ہی سب کچھ حاصل کر لیتے ہیں۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ نے بھی اس راز سے پردہ اٹھایا ہے۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اہل سلوک کے لئے درود شریف فتوح عظیمہ اور عطایائے شریفہ کا ذریعہ ہے۔

مزید حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا یہ قول بھی مشہور ہے کہ آپ فرماتے تھے کہ مجھ کو خدا طاقت دے تو میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف بھیجنے پر ہی اپنی کل عبادت کروں۔

Marfat.com

حضور سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک صحابی

نے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں ہر وقت آپ پر درود پڑھا کروں تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ یہ تیرے غموں کے لئے کافی ہے۔

دراصل درود شریف سے زیادہ آسان اور قبولیت کے درجے پر پہنچنے والی اور کوئی عبادت نہیں۔



Marfat.com

ایک فقیری فلسفہ

رُوح کو پاک کرنے کے لئے درود شریف سے بڑھ کر کوئی چیز نہیں

سردار دو جہاں صلّی اللہ علیہ وسلم نے خود فرمایا ہے کہ میرے اوپر

زیادہ سے زیادہ درود پڑھو اس لئے کہ تمہارے لئے موجب پاکی ہے

(ابو العلیٰ موصلیؒ) اب حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے خود اس چیز کا اعلان

کر دیا کہ پاکیزگی کا نسخہ درود شریف ہے۔ درود شریف انسان کو اور

اس کی روح کو اس طرح پاک و صاف کر دیتا ہے۔ جس کی کوئی

مثال نہیں ملتی یہاں تک کہ جن باعمل عالموں اور محدثوں اور فقیروں

نے درود اور سلام پر کمر باندھی ہے ان کو خدا کے فضل و کرم سے اور

حضرت رسول اکرم صلّی اللہ علیہ وسلم کی روحانیت کی برکت سے لاکھوں

گنہگاروں کی شفاعت کی بشارت تو اس دنیا میں مل گئی ہے۔

Marfat.com

ان فقیہوں اور محدثوں کو انشاء اللہ تعالیٰ روز قیامت گنہگاروں

کو شفاعت کرنے کا حق خود حضور پُر نُور صلّی اللہ علیہ وسلم عطا فرمائیں گے

جیسا کہ باکمال عاشقِ رسول اویس قرنی رضی اللہ عنہ کو حضور پُر نُور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ہاتھوں پیغام بھیجا کہ آپ بھی اُمت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے بخشش کے لئے دعا مانگیں حالانکہ شفاعت کی مالک خود حضور رسولِ اکرم صلّی اللہ علیہ وسلم کی ہستی ہے لیکن اللہ تعالیٰ نے حضورِ اکرم صلّی اللہ علیہ وسلم کے صدقے اور حضور صلّی اللہ علیہ وسلم کی سفارش پر یہ اعزاز حضور صلّی اللہ علیہ وسلم کی امت کے چند افراد کو بھی دیا ہے اور کیا اعلیٰ ترین اعزاز ہے۔

سُبْحَانَ اللّٰہ

چنانچہ ایک بہت بڑے محدث عالم حضرت شیخ شاذلی رحمۃ اللہ علیہ

رحمۃ اللہ علیہ کی یہ شان تھی کہ پانچوں وقت کی نمازیں حضرت رسول مقبول صلّی اللہ

Marfat.com

علیہ وسلم کے پیچھے ادا فرماتے تھے) سے ایک روز رسول اکرم صلی اللہ علیہ
رضی اللہ تعالیٰ عنہ
وسلم نے فرمایا کہ اے شاذلی تو قیامت کے روز ایک لاکھ آدمیوں کی
شفاعت کرے گا کیونکہ تو محبت اور اخلاص کے ساتھ مجھ پر درود بھیجتا
ہے (معراج المومنین)

درود شریف پڑھنے سے آدمی ایسا بلند مقام حاصل کر لیتا ہے جس کا اس دنیا میں کوئی بھی اندازہ نہیں کر سکتا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے خود فرمایا ہے کہ جو سب سے زیادہ درود پڑھے گا وہ قیامت کے روز سب سے زیادہ میرے نزدیک ہوگا۔ اس سے بڑھ کر کیا نعمت ہو سکتی ہے۔ کہ ہم محبوب خدا (صلی اللہ علیہ وسلم) کے ساتھ ہوں گے جو لولاک کے مالک ہیں۔

اِنْشَاءَ اللّٰہُ

Marfat.com

Marfat.com

رحمت کی پالوٹ

وسیلۃ العظمیٰ میں حکایت ہے کہ ایک آدمی نے حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آکر سلام کیا اس وقت حضرت زید بن ثابت رضؓ بھی نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم کے ساتھ تھے۔ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اس آدمی کے ہاتھ میں اونٹ کی مہار تھی اتنے میں ایک شخص آیا اور کہا اس نے میرا اونٹ چرا لیا ہے۔ اونٹ نے اس وقت آواز دی جس کے سنتے ہی حضرت سرور کائنات صلّی اللہ علیہ وسلّم اس اونٹ کی طرف متوجہ ہوئے اور اس اعرابی کو کہا تو جھوٹا ہے چنانچہ وہ شرمندہ ہو کر چلا گیا۔

پھر نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلم نے پہلے والے آدمی سے فرمایا

Marfat.com

کہ جس وقت تو یہاں کھڑا تھا کیا کر رہا تھا جس کی وجہ سے اونٹ بولا

سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمُخْتَارِ وَ اٰلِہٖ
الْاَطْھَارِ وَ اَصْحَابِہِ الْاَخْیَارِ
عَدَدَ نِعَمِ اللّٰہِ وَ اَفْضَالِہٖ

اِس درود شریف کے پڑھنے سے اسرارِ الٰہی
کھُلتے ہیں اور خاص طور پر دولت اور دُنیا میں
نعمت اور بیش بہا رزق عطا ہوتا ہے پڑھنے
والا قطب کے درجہ تک ترقی حاصل کرتا ہے۔

Marfat.com

نورِ درود

اَلحَمدُ لِلّٰہ! یہ درود کیا ہے۔ ایک اسمِ اعظم ہے۔ خداوند تعالیٰ نے اپنے حبیب صلّی اللہ علیہ وسلّم کے صدقے میں امّتِ محمدیہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کے لئے یہ درود اِس دنیا میں ظاہر کیا ہے اگر کوئی شخص ولی اللہ بننا چاہے تو اِسکو پڑھے۔

جمعہ کے دن کم از کم ایکسو مرتبہ تو کسی بھی وقت اِس کو ضرور پڑھنا چاہیئے اس درود کو پڑھنے سے انشاء اللہ تعالےٰ دل میں "نور" پیدا ہو گا۔ اور نور بھی عجیب

Marfat.com

نورٌ جب اس کے پڑھنے کی عادت ہو جاتی

ہے تو اسرارِ الٰہی کھلتے ہیں اور اسرارِ الٰہی کھلنے

کے بعد کیا مرتبہ ہوگا وہ بیان نہیں کیا

جاسکتا۔ یہ دُرودِ نور ہے اس کے ایک ایک حرف

میں نور کے سمندر سمائے ہوئے ہیں۔

صرف اس جگہ اتنا لکھنا کافی ہوگا کہ اس کی

بدولت اللہ تعالیٰ اگر چاہے تو پڑھنے والے کو ایک ہی دن

میں غوث اور قطب اور ابدال بنا دے یا اس سے زیادہ۔

غنی کے پاس کوئی کمی نہیں اس درود شریف

کے پڑھنے سے انشاء اللہ تعالیٰ اس دُنیا اور اُس

دُنیا دونوں کے بیچ کا پردہ اُٹھ جائے گا۔

Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحمت والا ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

الٰہی درود بھیج اوپر ہمارے سردار حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے

نُوۡرِ الۡاَنۡوَارِ وَ سِرِّ الۡاَسۡرَارِ

جو نوروں کا نور ہے اور اسراروں کا سر

وَسَیِّدِ الۡاَبۡرَارِ ط

ہے اور سردار نیکوں کا ہے۔

وآلہ وصحبہ وسلم

Marfat.com

ہو گیا افسانہ عبدُل زندگی کا اب تمام

صلی اللہ علیہ وسلم

نعتِ احمد گاتے گاتے چل دیا تیرا غلام

بھیجتا ہوں ان پہ میں لاکھوں درود لاکھوں سلام

رضی اللہ تعالیٰ عنہ صلی اللہ علیہ وسلم

آل و اصحابِ نبی پر بھی ہمیشہ صبح و شام

Marfat.com

درود العاشقین

کل انبیاء و مرسلین اور کل کائنات سے بہتر

اور افضل ہمارے پیارے پاک نبی حضرت محمد مصطفٰے

احمد مجتبٰی صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ آپ خلقت

میں سب سے اوّل اور کائنات کی اصل ہیں۔ اگر

آپ کا وجود باجود نہ ہوتا تو یہ کائنات ہرگز ہرگز نہ ہوتی۔

لوح و قلم اور کرسی کی پیدائش سے لے کر

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے تک ۴ کھرب

۳۴ ارب ۱۹ لاکھ ۲۲ ہزار سات سو پچاس برس گیارہ

Marfat.com

ماہ پانچ دن ہوئے اور زمین کی پیدائش سے لے کر
حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم کی پیدائش تک پچاسی ہزار
سال ہوئے ہیں۔ لیکن زمین و آسمان لوح و قلم اور
کرسی ان سب سے پہلے آقائے نامدار حضرت رسول
مقبول صلّی اللہ علیہ وسلّم کے نور کا ظہور ہو چکا تھا
تمام انبیاء علیہم السلام حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم
کی نبوّت کی نسبت سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اُمّت میں داخل ہیں
حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم پر پیغمبری ختم ہو گئی۔
حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا ظہور ہو گا تو وہ بھی حضور
صلّی اللہ علیہ وسلّم کی اُمّت کے ایک فرد کی حیثیت
سے اس دُنیا میں تشریف لائیں گے اور دین محمدی صلی اللہ علیہ وسلم
کی تبلیغ کریں گے۔ حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم جب
معراج کو تشریف لے گئے تو سب کے سب انبیاء علیہم السلام

Marfat.com

سردار بن کر نماز پڑھائی۔ سب کے سب انبیاء
صلی اللہ علیہ وسلم
آپ پر ایمان لا چکے ہیں اور آپ پر درود شریف پڑھتے
صلی اللہ علیہ وسلم
ہیں اور آپ سے محبت کرتے ہیں اور آپ ان کے
صلی اللہ علیہ وسلم
سردار ہیں۔ وہ سب حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم کے
دین اسلام پر ہیں۔

جس نے حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم کی اطاعت
کی اُس نے خدا کی اطاعت کی، حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم
سے محبت خدا سے محبت ہے۔ حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم
کا عشق عین اللہ کا عشق ہے۔ اور عاشق وہ ہستی ہے
جس پر اللہ تعالےٰ رسول اکرم صلّی اللہ علیہ وسلّم کے بعد
سلام بھیجتا ہے اور حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم کے
بعد اللہ کو سب سے زیادہ عاشق ہی پیارا ہے۔
عاشق ایک چیز ہی عجیب ہے۔ عاشق کا مقابلہ

Marfat.com

کون کرے! عاشق عجیب طاقت ہے۔ عاشق آقائے
نامدار صلّی اللہ علیہ وسلّم کے ساتھ ہوگا۔ خود حضور
صلّی اللہ علیہ وسلّم نے ارشاد فرمایا ہے کہ جو جس سے
محبت کرتا ہے۔ قیامت کے دن اُس کے ساتھ ہوگا
گو تھے اویس رضی اللہ تعالیٰ عنہ دور مگر ہوگئے قریب
ابوجہل تھا قریب مگر دور ہوگیا!"

عاشقِ رسول انشاء اللہ بغیر حساب و کتاب کے سب
سے اوّل جنّت میں جا پہنچے گا۔

دیکھئے عاشقوں کی شان! حضرت ابوبکر صدیق یار غار
رضی اللہ تعالیٰ عنہ تھے۔ حضرت عمر بن الخطاب خاص خلیفہ تھے۔ جن
کے متعلق حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا تھا
اگر میرے بعد کوئی نبی ہوتا تو عمر ہوتا۔ حضرت عثمان
رضی اللہ تعالیٰ عنہ داماد تھے۔ حضرت مولا علی رضی اللہ عنہ چھوٹے بھائی

Marfat.com

تھے۔ مگر آقائے نامدار صلّی اللہ علیہ وسلّم نے اپنا
خرقۂ مُبارک صرف عاشق صادق اویس قرنی رضی اللہ
عنہٗ کو مرحمت فرمایا اور اس عظیم تحفہ کو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ
اور حضرت علی خود لے کر حضرت اویس قرنی رضی اللہ
عنہٗ کے پاس گئے، حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم نے نہ صرف
یہ تحفہ بھیجا بلکہ اس سے بھی زیادہ ان کی عزت کی اور کہلا
بھیجا کہ اویس سے کہنا کہ اُمّت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کی نجات
کے لئے دُعا کریں اویس عاشق تھے۔ سبحان اللہ عاشق رضی اللہ تعالیٰ عنہ
کی دُعا فوراً قبول ہو جاتی ہے۔

اور دیکھئے عاشق کی شان!

حضرت امیر خسرو اپنے پیر حضرت خواجہ رحمۃ اللہ علیہ
نظام الدین اولیا رحمۃ اللہ علیہ پر عاشق تھے۔ عشق سچا تھا اور
پائیدار جب وقتِ مرگ آیا تو خواجہ نظام الدین

Marfat.com

اولیاء رحمۃ اللہ علیہ نے اعلان کیا کہ اگر شریعت اجازت دیتی تو میں وصیت کرتا کہ مجھ کو اور خسرو رحمۃ اللہ علیہ کو ایک ہی لحد میں دفن کیا جائے۔ اللہ اللہ کیا شان کی بات کہی!

عشق ہو بھی جاتا ہے اور کیا بھی جاتا ہے۔ اگر کیا جائے تو عشق کرنے کا آسان طریقہ درود العاشقین کا کثرت سے ورد ہے۔ عشق وہی ہے جو حقیقی اور بامراد ہو۔ درود العاشقین حقیقی عاشقوں کی معراج ہے۔ ان کا تاج اور ان کے درجات بلند کرنے کا راستہ ہے اس درود کو پڑھنے والا عاشق بامراد اور عاشق صادق ہوتا ہے۔

Marfat.com

دُرُودُ العَاشِقِین یہ ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ
مَحْبُوْبِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ
بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ الْھَاشِمِیِّ الْقُرَشِیِّ
الذَّکِیِّ الْمَدَنِیِّ الْعَرَبِیِّ وَعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا
وَحَبِیْبِنَا مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدُ اللّٰہِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبْ
اَلنَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الْحِجَازِیِّ
الْحَرَمِیِّ بِقَدْرِ حُسْنِہٖ وَجَمَالِہٖ

Marfat.com

درود افضل

حافظ سخاوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ محترمہ اُم المومنین حضرت جویریہ بنت الحارث رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے نقل ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر کوئی شخص حلف اٹھائے کہ میں آقائے نامدار صلی اللہ علیہ وسلم پر افضل ترین درود پڑھوں گا... تو وہ یہ درود افضل پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَنَبِیِّكَ وَرَسُوْلِكَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّیَّتِهٖ وَسَلِّمْ عَدَدَ خَلْقِكَ وَرِضَا نَفْسِكَ وَزِنَةَ عَرْشِكَ وَمِدَادَ كَلِمَاتِكَ ط

Marfat.com

درود العارفین

عارفین لفظ معرفت سے نکلا ہے۔ عارف کے معنٰی ہیں معرفت والا یا پہچان رکھنے والا۔ اللہ کی پہچان، وحدانیت کی پہچان اور خود اپنی پہچان رکھنے والا۔

عارف کا درجہ اور عارف کی منزل ولی سے کہیں زیادہ اور بالا ہے جس نے اللہ تعالیٰ کو پہچان لیا اُس کو دین و دنیا کا سب کچھ مل گیا۔ وہ کچھ ملا کہ اولیاء اللہ اور بڑے بڑے بزرگ سوچ بھی نہیں سکتے۔

ولی اپنے معتقد کو جنّت کا راستہ دکھلائے گا لیکن عارف اسے لے جا کر جنت میں پہنچا کر ہی آئے گا۔

Marfat.com

عارف کے لئے ہر راستہ صاف ہے۔ چاہے وہ منزلیں
طے کر کے منزلِ مقصود تک پہنچے اور چاہے وہ اُڑ کر پہنچ
جائے عارف کے لئے کوئی روک نہیں ہے وہ مجلس کا
معزز مہمان ہے۔ عارف کو اللہ تعالےٰ نے جس زیور
سے سجایا ہے، وہ ہے۔ "عشق" اللہ تعالیٰ کا
خاص الخاص پیار عارفوں کے لئے ہے۔

درود العارفین پڑھنے سے عارف کا رُتبہ
حاصل ہو سکتا ہے۔ اس درود شریف میں جو راز ہے
اُسے بھی عارف کے سوا اور کوئی نہیں جانتا۔ اللہ اور اللہ
کا عارف اس درود شریف کو سمجھ سکتا ہے کہ یہ کیا
راز ہے اور کس طرح کا خزانہ ہے جو اسے اس کے
پڑھنے سے منزل بہ منزل حاصل ہوتا رہتا ہے اور وہ خدا
کا دوست بن جاتا ہے۔

Marfat.com

حضور اکرم صلّی اللہ علیہ وسلّم نے اس درود شریف کے لئے فرمایا کہ جس شخص کے پاس یہ درود شریف ہو اور وہ نہ سکھلائے اپنے مسلمان بھائیوں کو پس وہ مجھ سے دور ہے اور میں اس سے دور ہوں۔

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہٗ نے فرمایا

کہ میں نے رسول اکرم صلّی اللہ علیہ وسلّم کو کبھی نہیں دیکھا کہ اس درود شریف کو آپ نے ترک کیا ہو۔

حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہٗ نے فرمایا

کہ میں قرآن حکیم کو یاد نہیں کر سکتا تھا۔ پس رسول اکرم صلّی اللہ علیہ وسلّم نے مجھ کو یہ درود شریف سکھلایا پھر اس کی برکت سے اللہ تعالےٰ نے مجھ کو قرآن شریف کا حفظ عطا کیا۔

Marfat.com

حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے

ہیں کہ حضور اکرم صلّی اللہ علیہ وسلّم نے مجھے اشارہ فرمایا کہ اس درود شریف سے زیادہ افضل اور کوئی نہیں پس جو شخص دُعا مانگے گا اس کے ساتھ تو اللہ تعالےٰ اس شخص کے لئے ستر دروازے مصیبت اور عذاب وآفات کے بند کر دے گا۔

حضرت سُفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا

کہ مصیبت ہے اس شخص کے لئے جو پڑھے (یا دکرے) اس درود شریف کو پھر بھول جائے (چھوڑ دے) جس نے بھلایا اس درود شریف کو بے شک اُس نے اپنی عمر کا نقصان کیا۔ یعنی ساری عُمر برباد کر دی۔

اللہ تعالیٰ کے سوا اس درود شریف کے ثواب کو اور کوئی نہیں جانتا کہ کتنا بڑا ثواب ہے۔

Marfat.com

درود العارفین

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مَنْ سَمَّیْتَہٗ ذَاکِرًا
وَّحَبِیْبًا وَّمُذَکِّرًا مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مَنْ سَمَّیْتَہٗ اَحْمَدًا وَّمُحَمَّدًا
وَّسَیِّدًا مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مَنْ سَمَّیْتَہٗ صَابِرًا
وَّنَبِیًّا وَّرَاقِبًا مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ
صَلِّ عَلٰی مَنْ سَمَّیْتَہٗ غَالِبًا وَّرَحِیْمًا وَّحَلِیْمًا
مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مَنْ
سَمَّیْتَہٗ عَاقِبًا وَّکَرِیْمًا وَّحَکِیْمًا مُحَمَّدٌ

Marfat.com

رَسُوْلُ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مَنْ سَمَّیْتَہٗ
عَدْلاً وَّجَوَّادًا وَّمُزَّمِّلاً مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ
اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مَنْ سَمَّیْتَہٗ قَاسِمًا
وَّمَھْدِیًّا وَّھَادِیًا مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ
صَلِّ عَلٰی مَنْ سَمَّیْتَہٗ شَکُوْرًا وَّحَرِیْصًا
مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مَنْ
سَمَّیْتَہٗ قَآئِمًا وَّحَفِیًّا وَّعَبْدَ اللّٰہِ مُحَمَّدٌ
رَّسُوْلُ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مَنْ سَمَّیْتَہٗ
شَاھِدًا وَّبَصِیْرًا وَّمَھْدِیًّا مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ
اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مَنْ سَمَّیْتَہٗ بَاھِیًا
وَّنُوْرًا وَّمَکِّیًّا مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ

Marfat.com

صَلِّ عَلٰی مَنْ سَمَّیْتَہٗ شَاکِرًا وَّ وَلِیًّا وَّنَذِیْرًا
مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مَنْ
سَمَّیْتَہٗ طَاھِرًا وَّصَفِیًّا وَّ مُخْتَارًا مُحَمَّدٌ
رَّسُوْلُ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مَنْ سَمَّیْتَہٗ بُرْھَانًا
وَّصَحِیْحًا وَّشَرِیْفًا مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مَنْ سَمَّیْتَہٗ مُسْلِمًا
رَّءُوْفًا رَّحِیْمًا مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مَنْ سَمَّیْتَہٗ مُؤْمِنًا
وَحَلِیْمًا مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ
عَلٰی مَنْ سَمَّیْتَہٗ قَیِّمًا وَّمَحْمُوْدًا وَّحَامِدًا
مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مَنْ

Marfat.com

سَمَّيْتُهٗ مِصْبَاحًا وَّاَمِرًا وَّنَاهِيًا مُحَمَّدًا
رَّسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَ
اَصْحَابِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ وَاَهْلِ
بَيْتِهٖ وَرَضِيَ اللّٰهُ عَنْ كُلِّ الصَّحَابَةِ
اَجْمَعِيْنَ ۝

يَارَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا
عَلٰى حَبِيْبِكَ خَيْرِ الْخَلْقِ كُلِّهِمِ

Marfat.com

درود طیب

اس درود شریف میں بہت رمز ہیں۔ جو پڑھنے سے کھلیں گے۔ یہ بہترین درود ہے۔

اگر انسان گناہوں میں مبتلا ہو اور ہر طرف سے ناکامی اور شرمندگی کا احساس ہو اور اس کا دل خود بخود گواہی دے کہ ساری زندگی گناہوں میں گذری اب آخری زندگی میں کیا خاک مسلمان ہوں گے، اگر اس کا اپنا دل کہہ رہا ہے کہ اب سزا کے لئے تیار ہو جا۔ کسی چیز سے اس کو شفا اور کسی عالم، فقیر، عامل سے اس کو کوئی فیض نہیں پہنچتا تو درود طیب کا وظیفہ اختیار کرلے۔ انشاء اللہ اصلاح ہو جائے گی۔

Marfat.com

اس درود شریف کو درود نہیں بلکہ وظیفہ
کہا جائے تو بھی نہایت موزوں ہوگا۔ کیونکہ فوراً فائدہ
ہوتا ہے لیکن کم از کم ۳۱۳ مرتبہ روزانہ ضرور پڑھنا
چاہیئے۔ اس میں حاضر کا صیغہ ہے۔ بڑا افضل
درود ہے۔ جمعہ کے دن درود طیب پڑھنے سے
بیشمار فتوحات ہوتی ہیں نصف شعبان کی رات میں
پڑھنے سے بڑے راز کھلتے ہیں۔

درود طیب یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ يَا شَفِيْعَ الْمُذْنِبِيْنَ سَيِّدِنَا
وَمَوْلٰنَا اَحْمَدَ مُجْتَبٰى مُحَمَّدَ مُصْطَفٰى وَعَلٰى
اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَاَحْبَابِهٖ
وَذُرِّيَّاتِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ وَاَهْلِ
طَاعَتِكَ اَجْمَعِيْنَ ۝

Marfat.com

درودِ کوثر

جس کو تمنا ہو کہ ساقیٔ کوثر صلّی اللہ علیہ وسلّم کے حوضِ کوثر سے حسب خواہش ساغر ملے تو اس کو چاہیے کہ اس درود شریف کا کثرت سے ورد کرے انشاء اللہ تعالےٰ قیامت کے دن پیاس کی شدت نہ ستائے گی۔

یہ درود شریف ایک مجرّب دوا بھی ہے۔ جو آدمی چاہے کہ اسے کسی قسم کا ملال قیامت میں نہ ستائے تو اس درود شریف کا ورد رکھا کرے۔

رضی اللہ تعالیٰ عنہ

حضرت حسن بصری جو اپنے وقت کے ولی اور قطب گذرے ہیں۔ اور جن کے حضرت حبیب عجمی رحمۃ اللہ علیہ جیسے بزرگ شاگرد اور مرید تھے، فرماتے ہیں کہ اگر کوئی انسان یہ تمنا رکھتا ہے کہ خدا کا قرب حاصل ہو تو وہ درود کوثر کثرت سے پڑھا کرے۔

Marfat.com

درود نور

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِي الْاَوَّلِيْنَ

اے اللہ درود بھیج ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اولین میں

وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِي الْاٰخِرِيْنَ وَ

اور درود بھیج ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر آخرین میں اور

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِي النَّبِيِّيْنَ وَصَلِّ

درود بھیج ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر نبیوں میں اور درود

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِي الْمُرْسَلِيْنَ وَصَلِّ عَلٰى

بھیج ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر مرسلین میں اور درود نازل کر

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِي الْمَلَاِ الْاَعْلٰى اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ

ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر ملاء اعلیٰ میں قیامت کے دن تک

Marfat.com

اِس درود شریف کے متعلق کہتے ہیں کہ حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے ایک بزرگ کو خواب میں دیکھا اور فرمایا اللہ تعالےٰ نے تم سے کیا معاملہ فرمایا۔ اُن بزرگ نے جواب دیا کہ مجھے بخش دیا اور اعلیٰ اعزاز عطا کیا سب سے بڑی چیز تو یہ ہے کہ میرا کوئی بھی حساب کتاب نہ ہوا۔ امام صاحب نے فرمایا یہ کیوں۔ انہوں نے جواب دیا کہ جو درود شریف میں پڑھتا تھا اس کی برکت سے یہ اعلیٰ اعزاز ملا۔

Marfat.com

اور وہ درود شریف یہ ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

کَمَا تَنْبَغِیْ اِصَّلٰوۃَ عَلَیْہِ

ترجمہ: الٰہی ہمارے سردار حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم درود بھیج جو ان کے لائق ہے

صلوٰۃ ناصری میں لکھا ہے کہ یہ درود شریف بہت مقبول ہے جو شخص اس کا ہمیشہ ورد رکھے گا تو تمام مخلوق سے ممتاز ہو کر رہے گا۔ بدامنی، راہ زنی خوف، حادثات، چوری وغیرہ سے محفوظ رہے گا۔

واقعی عجیب اور اعلیٰ مرتبہ کا درود شریف ہے اسے دنیا میں اللہ تعالیٰ نے انسانوں پر احسان کر کے عطا فرمایا ہے۔ خدا سب کو پڑھنے کی توفیق دے

(آمین)

Marfat.com

۲۲۷

درود امام شافعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

رحمۃ اللہ علیہ

روضۃ الاحباب میں امام اسمٰعیل بن ابراہیم مزنی

رحمۃ اللہ علیہ

جو امام شافعی کے بڑے شاگرد تھے، سے نقل ہے کہ

رحمۃ اللہ علیہ

امام شافعی کے انتقال کے بعد ان کو خواب میں دیکھا اور عرض

کیا کہ اللہ نے آپ سے کیا معاملہ کیا؟ امام شافعی نے فرمایا

مجھے بخش دیا اور حکم فرمایا کہ مجھ کو احترام کے ساتھ جنّت

میں پہنچا دیا جائے یہ سب کچھ اس درود شریف کی برکت سے ہوا

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کُلَّمَا ذَکَرَہُ الذَّاکِرُوْنَ

وَکُلَّمَا غَفَلَ عَنْ ذِکْرِہِ الْغَافِلُوْنَ ۝ (حصن)

Marfat.com

۲

القول البدیع فی الصلوٰۃ علی الحبیب الشفیع میں علامہ سخاوی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ حضرت علامہ عبداللہ بن حکم رحمۃ اللہ علیہ سے نقل ہے کہ میں نے امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کو خواب میں دیکھا اور پوچھا کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کے ساتھ کیا معاملہ فرمایا۔

امام صاحب نے فرمایا کہ میری مغفرت کر دی میرے لئے جنّت ایسی سجائی گئی جیسے دُلہن کو سجایا جاتا ہے مجھ پر ایسی بکھیر کی گئی جیسے دُلہن پر کیجاتی ہے میں نے پوچھا یہ رتبہ کیسے ملا فرمایا کہ جو درود میں نے لکھا، اسکی برکت سے اور وہ یہ ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کُلَّمَا ذَکَرَہُ الذَّاکِرُوْنَ وَکُلَّمَا غَفَلَ عَنْ ذِکْرِہِ الْغَافِلُوْنَ ۝ (حصن)

ذِکْرِہٖ

Marfat.com

۳

احیاء العلوم میں مذکور ہے کہ ایک بزرگ ابوالحسن رحمۃ اللہ علیہ شافعی کو خواب میں حضورِ اقدس صلّی اللہ علیہ وسلّم کی زیارت نصیب ہوئی تو عرض کیا کہ یا رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم رحمۃ اللہ علیہ صلی اللہ علیہ وسلم امام شافعی کو آپ کی بارگاہ سے کیا انعام ملا۔ انھوں نے اپنی کتاب الرسالۃ میں یہ درود لکھا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کُلَّمَا ذَکَرَہُ الذَّاکِرُوْنَ وَکُلَّمَا غَفَلَ عَنْ ذِکْرِہِ الْغَافِلُوْنَ ۝ (حصن)

حضورِ اکرم صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا ان کو ہماری جانب سے یہ انعام دیا گیا کہ انشاء اللہ بروز قیامت ان کو بلا حساب جنت میں داخل کیا جائے گا۔ (حصن)

Marfat.com


بسم الله الرحمن الرحيم
قل هو الله احد
الله الصمد
لم يلد ولم يولد
ولم يكن له كفوا احدا
صلى الله عليه وآله وسلم
محمد رسول الله

Marfat.com

حضرت غوث الاعظم شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کا درود

یہ وہ پاک درود شریف ہے جس پر حضرت غوث الاعظم شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے اوراد و وظائف کو ختم کیا ہے۔ مطالع المسرت میں مذکور ہے کہ اکابر اولیاء کرام ارشاد فرماتے ہیں کہ جو شخص ہر روز صبح و شام اس درود شریف کو دس بار پڑھے گا اللہ تعالےٰ اس کو اپنی بارگاہ میں قرب و حضوری عطا فرمائے گا اور اس آدمی پر رحمتوں کا نزول بے حساب ہوگا اور وہ ہر برائی سے محفوظ رہے گا۔

یہ درود بڑی بابرکت چیز ہے اس کی برکت سے ہر مشکل غیب سے آسان ہو جائیگی۔ اللہ تعالےٰ کے برگزیدہ بندے اسکا ورد کرتے رہتے ہیں۔

Marfat.com

درود
شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ السَّابِقِ

الٰہی رحمت نازل فرما ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جن کا نور ساری مخلوق

لِلْخَلْقِ نُوْرُہٗ وَرَحْمَۃٌ لِّلْعَالَمِیْنَ ظُھُوْرُہٗ

سے پہلے پیدا ہوا اور ان کا ظہور تمام کائنات کے لئے رحمت ٹھہرا شمار

عَدَدَ مَنْ مَّضٰی مِنْ خَلْقِکَ وَمَنْ بَقِیَ وَمَنْ

میں تمام اگلی اور پچھلی تیری مخلوق کے برابر اور ہر ایک نیک

سَعِدَ مِنْھُمْ وَمَنْ شَقِیَ صَلٰوۃً تَسْتَغْرِقُ

بخت اور بد بخت کی گنتی کے برابر ایسا درود جو شمار میں

Marfat.com

اَلْعَدَدَ وَتُحِيْطُ بِالْحَدِّ صَلٰوةً لَّا غَايَةَ

نہ آسکے اور تمام حدود کا احاطہ کرے جس درود کی نہ کوئی غایت ہو

وَلَا مُنْتَهٰى وَلَا انْقِضَآءَ صَلٰوةً دَآئِمَةً

اور نہ انتہا اور نہ اختتام ، ایسا درود جو ہمیشہ

بِدَوَامِكَ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلِّمْ

رہے تیرے دوام کے ساتھ اور ان کی اولاد اور اصحاب پر رضی اللہ تعالیٰ عنہم اور اسی طرح

تَسْلِيْمًا مِّثْلَ ذَالِكَ

ان پر خوب خوب سلام نازل فرما

يَارَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا

عَلٰى حَبِيْبِكَ خَيْرِ الْخَلْقِ كُلِّهِمِ

**

Marfat.com

درود شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ

حضرت شیخ المشائخ شاہ ولی اللہ محدث رحمۃ اللہ علیہ تحریر

فرماتے ہیں کہ مجھے میرے والد بزرگوار نے ان الفاظ کے ساتھ

درود پڑھنے کا حکم دیا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاٰلِہٖ

وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

میں نے خواب میں حضور پُرنور آقائے دوجہاں صلی اللہ

علیہ وسلم کی خدمتِ اقدس میں یہ درود پڑھا تو آقائے

دوجہاں صلی اللہ علیہ وسلم نے اس درود کو پسند فرمایا۔

Marfat.com

درود الفاتح

ایک ایسا درود جو قرآن شریف میں تھا۔ مولانا رحمۃ اللہ تعالیٰ عنہ ابوالمقارب شیخ شمس الدین بن ابوالحسن ابوالبکری فرماتے ہیں کہ یہ درود شریف حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالےٰ عنہٗ کے معمول میں تھا اور ان کے طریقے میں تھا۔ اس درود کی بدولت اللہ تعالےٰ نے آپ کو صدیق کا درجہ عطا فرمایا۔ اللہ تعالےٰ کی معرفت کے درجے طے ہوئے اور مقام صدیقیت جو آپ کو حاصل ہوا، وہ صرف درود کے ورد سے بعض سادات فرماتے ہیں کہ یہ درود شریف قرآن مجید میں تھا۔ اللہ تعالےٰ نے اپنے کلام میں اس کو اتارا۔ بعض حضرات

Marfat.com

فرماتے ہیں کہ اس درود کا ایک مرتبہ پڑھنا دس ہزار
مرتبہ پڑھنے کے برابر ہے کچھ اولیاء اللہ فرماتے ہیں کہ اس
درود شریف کا ایک مرتبہ پڑھنا چار ہزار مرتبہ درود
شریف پڑھنے کے برابر ہے اور یہ عین ممکن ہے۔

حضرت ابوالمعارب رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ اس درود شریف
کو جو شخص ۴۰ دن پڑھے گا اللہ تعالےٰ اس کے جتنے
گناہ ہیں سب بخش دے گا۔

شیخ المشائخ حضرت محمد بکری رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ صدقِ
دل سے اس درود شریف کا زندگی میں ایک مرتبہ بھی
پڑھنا آخرت میں دوزخ کی آگ سے نجات دلاسکتا
ہے۔ (سبحان اللہ)

حضرت سید احمد حلان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں
کہ یہ درود شریف غوث الاعظم شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

Marfat.com

کو پسند تھا۔ اور ان کا یہ خاص ورد تھا یہ آبِ حیات ہے

اپنے اذکار کے شروع، بیچ اور آخر میں یعنی

ہر جگہ ہر وقت متعدد عارفوں نے اس درود شریف کا ورد

رکھا ہے کہ اس میں نور ہی نور ہے۔ اسے پڑھ کر "حد کمال"

کو پہنچے ہیں۔

درود شریف خاص الخاص عجائبات اور رازہائے

سربستہ کا حامل ہے اسکے ذکر سے ایسے نور کے پردے کھلتے

ہیں اور وہ نور پیدا ہوتا ہے۔ جس کی قدر دانی اللہ تعالےٰ

کے سوا کوئی بھی نہیں کر سکتا۔ اس کے سو مرتبہ یومیہ

کے ورد سے ایسے دروازے کھلتے ہیں اور ایسا نور پیدا

ہوتا ہے جن کا ذکر قریباً ناممکن ہے اور جن کو سوائے

اللہ تبارک وتعالےٰ کے کوئی نہیں جانتا۔ اور دنیوی فوائد تو

بندہ بیان کرنے سے عاجز ہے۔

Marfat.com

حضرت شیخ یوسف بن اسمٰعیل رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہ
درود شریف کرامات کا موتی ہے۔ سید محمد الکبری رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے
ہیں کہ درود فاتح ایک ایسا عجیب درود ہے جس
کو میں نے ایک برس پڑھا حج کو گیا اور آقائے نامدار
صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر کی زیارت نصیب ہوئی۔ اور جب
میں منبر اور روضہ شریف کے بیچ والے حصّے میں بیٹھ
گیا تو حضرت رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت
نصیب ہوئی اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے شفاعت
کا وعدہ فرمایا اور فرمایا کہ اللہ تعالےٰ تم کو اس درود کے وِرد کے باعث
برکت دے اور تمہاری اولاد کی اولاد کو برکت دے۔ (سبحان اللہ)
مولف کتاب ہٰذا کی عرض ہے کہ اس درود شریف کو جمعہ کے دن
کم از کم ۱۱ مرتبہ تو ضرور پڑھ لینا چاہیے جس سے بہت سے کمالات حاصل
ہوں گے۔ انشاء اللہ

Marfat.com

وردُ الفاتح

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا
مُحَمَّدِنِ الْفَاتِحِ لِمَا اُغْلِقَ وَالْخَاتِمِ
لِمَا سَبَقَ وَالنَّاصِرِ الْحَقِّ بِالْحَقِّ وَالْهَادِیْ
اِلٰی صِرَاطِكَ الْمُسْتَقِیْمِ صَلَّی اللّٰهُ
عَلَیْهِ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ حَقَّ
قَدْرِهٖ وَمِقْدَارِهِ الْعَظِیْمِ

Marfat.com

ایک غیر معمولی

حدیث

حدیث شریف میں آیا ہے کہ فرمایا
رسول عربی صلی اللہ علیہ وسلم نے
کہ جو شخص جمعہ کی رات کو
سو مرتبہ مجھ پر درود بھیجے گا تو وہ
کبھی محتاج نہ ہوگا

(مفاخر الاسلام)

Marfat.com

(ایک ایسا درود جو ہر کام کیلئے اسم اعظم ہے)

حضور پُرنور صلّی اللہ علیہ وسلّم کے اُمّت پر ایک نہیں بلکہ کئی کروڑ سے بھی زیادہ احسانات ہیں بلکہ اس سے بھی زیادہ سب سے زیادہ یہ کہ ہم بدکار گنہ گار اور غافل ہوکر سُستی اور کاہلی کی زندگی بسر کر رہے ہیں مگر حضور پُرنور صلّی اللہ علیہ وسلّم ہر وقت بارگاہِ ایزدی میں اِس گنہ گار اُمّت کی مغفرت کے لئے کوشاں ہیں۔

اِس پیارے نبی صلّی اللہ علیہ وسلّم پر جس کے احسانات کے نیچے ہماری گردنیں جھکی ہوئی ہیں، دن

Marfat.com

میں ایک بار بھی یہ درود شریف پڑھ لیں، تو اللہ تعالیٰ
کا وعدہ یہ ہے کہ وہ پڑھنے والے پر دس مرتبہ
رحمتیں نازل فرمائیں گے اور دس نیکیاں دیں گے ساتھ
ہی ساتھ اس کے دس درجات بلند فرمائیں گے۔ نہ
فقط یہ بلکہ اس کتاب کے افضل درودوں میں سے
درودِ محمدی صلی اللہ علیہ وسلم ایک ہے۔
درود محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کے فوائد یا فضائل یا ثواب بیشمار
ہیں۔ اگر اس ساری کتاب کو وقف کر دیا جاتا تو بھی اس
درود شریف کے فضائل سے صرف ایک فضیلت کی
چوتھائی بھی بیان نہ ہوتی یہ ناممکن ہے کہ اس درود
شریف کے پورے راز لکھ دیئے جائیں۔ اس لئے
اس درود شریف کو عارفان وقت نے درود محمدی صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

کہہ کر پکارا ہے۔ کیونکہ یہ خاص حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم
کے لئے ہے اور حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم کی محبت کے حصول
کیلئے یہ درود نہیں بلکہ ایک راز ہے۔ یہ کیسی طاقت ہے
اس کو بھی کوئی بشر بیان نہیں کر سکتا۔

درودِ محمدی صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالےٰ کے بندوں پر خصوصی رحمت
ہے اس سے فائدہ اٹھانا آسان ہے۔ اگر محبّت اور
اخلاص کے ساتھ صرف ایک مرتبہ بھی اس درود شریف
کو پڑھ لیا جائے تو آدمی رحمت میں سرتاپا ڈھک جاتا
ہے جمعہ کی رات اور جمعہ کے دن اور پیر کے دن
پڑھنا بہت نفع بخش ہے۔

Marfat.com

درودِ محمدی صلی اللہ علیہ وسلم یہ ہے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی آل و اولاد پر جو ہیں بندے رسول

النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ بِعَدَدِ اَنْفَاسِ الْخَلَآئِقِ

نبی ان پڑھ اس مقدار میں کہ تعداد ہو اتنی جتنی مخلوق

صَلٰوۃً دَائِمَۃً بِدَوَامِ خَلْقِ اللّٰہِ ط

سانس لیتی ہے درود اتنا جب تک قائم رہے اللہ کی مخلوق

Marfat.com

دُرودِ حضُوری

حضرت شیخ عبداللہ بن نعمان رحمۃ اللہ علیہ

نے آقائے دو عالم حضور پُر نور صلّی اللہ علیہ وسلّم کو ایک
صلی اللہ علیہ وسلم
رخواب میں دیکھا تو عرض کیا یارسول اللہ کون سا
سلام اللہ علیہ وسلم
رود پڑھوں جو آپ کو سب سے زیادہ پسند ہو۔

حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا پڑھو:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ
مْلَاَتَ قَلْبُہٗ مِنْ جَلَالِکَ وَ عَلَیْنَہٗ
مِنْ جَمَالِکَ فَأَصْبَحَ فَرِحًا مَّسْرُوْرًا

Marfat.com

مُؤَيَّدًا مَنْصُوْرًا وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ

وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا

ترجمہ (اے اللہ عزوجل حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم

پر درود بھیج ایسا کہ ان کا قلب آپ کے جلال سے

ان کی آنکھیں آپ کے جمال سے بھر جائیں اور صبح کر

فرحت تائید فتح تیری کامل سے)

یَارَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا

عَلٰى حَبِيْبِكَ خَيْرِ الْخَلْقِ كُلِّهِمِ

Marfat.com

دس ہزار کا ثواب

قرآن شریف کی تفسیر اور دینی علوم کی سب سے اعلیٰ اور مستند کتاب "تفسیر روح البیان" میں درج ہے کہ یہ درود بڑا بابرکت اور گوناگوں رحمتوں سے لبریز ہے۔

رحمۃ اللہ علیہ

بادشاہ محمود غزنوی اس درود کو برابر پڑھا کرتے تھے اللہ تعالےٰ نے ان کو اس درود شریف کے طفیل ہر مہم میں کامیابی عطا فرمائی۔

اس درود شریف کو ایک مرتبہ پڑھنے سے

دس ہزار کے برابر ثواب ملتا ہے۔

Marfat.com

درود شریف یہ ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّا

اُخْتَلَفَ الْمَلَوَانِ وَ تَعَاقَبَ الْعَصْرَانِ

وَکَرَّ الْجَدِیْدَانِ وَاسْتَقَلَّ

اَلْفَرْقَدَانِ وَبَلِّغْ رُوْحَهٗ وَ

اَرْوَاحَ اَھْلِ بَیْتِهٖ مِنَّا التَّحِیَّةَ

وَالسَّلَامَ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ عَلَیْهِ کَثِیْرًا ۝

Marfat.com

درود رواں



(اس درود شریف کے پڑھنے کا ثواب اتنا ہے جیسے کسی شخص نے پوری دلائل الخیرات ختم کی۔ (دلائل الخیرات عربی کی مشہور کتاب ہے جس میں سب درود جمع کئے گئے ہیں)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی

الٰہی درود بھیج اوپر سردار ہمارے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا فِیْ عِلْمِ اللّٰہِ

اور اوپر آل سردار ہمارے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے گنتی اس کی

صَلٰوۃً دَائِمَۃً بِدَوَامِ مُلْکِ اللّٰہِ

تو جانتا ہے اور جب تک قائم رہے تیری حکومت

Marfat.com



اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ذکر کو اپنا ذکر قرار
دیا ہے اور فرماتے ہیں کہ

اِنَّمَا جَعَلْتُ ذِكْرَكَ ذِكْرِيْ

اے میرے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم میں نے تیرے ذکر کو ہی اپنا ذکر قرار دیا۔
درود ہی ہے جو رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر اور خدا کا ذکر ہے
حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم ہمیشہ اُمت
کے لئے آسان طریقے اور آسان عبادت اور آسان
عمل کی تعلیم فرماتے، آپ سے زیادہ اُمت پر مہربان
کوئی نہیں آپ نے اس وجہ سے مختلف صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو

Marfat.com

مختلف الفاظوں میں درود شریف پڑھنے کا طریقہ

بتایا ہے تاکہ کوئی خاص درود یا کوئی خاص لفظ خاص طور سے واجب نہ بن جائے اور اُمّت کو سمجھنے اور اس کے یاد کرنے اور پڑھنے میں تکلیف نہ ہو۔

حضرت عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم کے ایک صحابی حضرت کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے میری ملاقات ہوئی اور حضرت کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا اے عبدالرحمٰن تجھ کو ایک ایسا ہدیہ دوں جو میں نے حضور سرورِ کائنات صلّی اللہ علیہ وسلّم سے سُنا ہے۔ میں نے کہا ضرور دو حضرت کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں نے حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم کی خدمت میں عرض کیا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ پر درود شریف کن الفاظ سے پڑھا جائے۔ حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا کہ اس طرح پڑھا کرو۔

Marfat.com

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا
صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ
اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ؕ

رضی اللہ تعالیٰ عنہ
حضرت ابو مسعود بدری فرماتے ہیں کہ ایک روز
حضور صلی اللہ علیہ وسلم سعد بن عبادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی مجلس میں
تشریف لائے اور حضرت بشیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا یا
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالےٰ نے ہمیں درود

Marfat.com

پڑھنے کا حکم دیا ہے۔ بس ارشاد فرمائیے کہ کس
طرح درود پڑھیں۔ حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم نے یہی
درود پڑھنے کے لئے ارشاد فرمایا۔
نماز میں (اَلتَّحِیَّاتُ میں) بھی یہ درود پڑھا
جاتا ہے اور یہ عجیب عبادت ہے کہ اس میں اللہ کی
بھی یاد ہے اور اس کے رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم
کی بھی یاد ہے۔
امام نووی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اگر
کوئی شخص یہ قسم کھا بیٹھے کہ میں سب سے افضل دُرود
پڑھوں گا تو اس دُرود کے پڑھنے سے قسم پوری ہو جائیگی

Marfat.com

موسیٰ علیہ السلام اور درود شریف

حضرت موسیٰ علیہ السّلام نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم کے بعد سب سے زیادہ جلیل القدر نبی تھے جبرائیل امین بھی حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم کے علاوہ سب سے زیادہ حضرت موسیٰ علیہ السّلام کے پاس آئے۔

حضرت کعب احبار رضی اللہ عنہ، جو تورات کے بہت بڑے عالم ہیں فرماتے ہیں کہ رب العزّت نے حضرت موسیٰ علیہ السّلام کے پاس وحی بھیجی کہ اے موسیٰ اگر اس دنیا میں ایسے لوگ نہ بستے ہوں جو اپنے

Marfat.com

خُدا کی حمد کریں اور ثنا کریں تو آسمان سے ایک قطرہ

پانی نہ ٹپکاؤں اور زمین سے ایک دانہ نہ اُگاؤں۔

اِس طرح اور بہت سی نعمتوں کا ذکر کرنے کے

بعد خداوند قدوس نے ارشاد فرمایا کہ اے موسیٰ علیہ السلام کیا

تو یہ چاہتا ہے کہ میں تجھ سے اس سے بھی زیادہ قریب

ہو جاؤں جتنا تیری زبان سے تیرا کلام، بدن سے روح، آنکھ

سے روشنی ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا، یا اللہ ضرور

ضرور ضرور۔

اللہ تعالےٰ نے ارشاد فرمایا کہ اے موسیٰ بنی آخر الزماں

محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر کثرت سے درود

پڑھا کرو۔

Marfat.com

پرہیز

اِنَّ اَوْلَی النَّاسِ بِیْ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ

اَکْثَرُھُمْ عَلَیَّ صَلٰوۃً

(محمد مصطفےٰ صلّی اللہ علیہ وسلّم)

بلاشبہ قیامت میں لوگوں میں سب سے زیادہ

مجھ سے قریب وہ ہوگا جو مجھ پر زیادہ درود بھیجتا ہے

حضور اقدس صلّی اللہ علیہ وسلّم پر ہر لمحہ

ہر وقت، درود شریف کثرت سے پڑھنا باعثِ

نجات اور پاکی ہے۔ لیکن چند اوقات میں نہ پڑھیں۔

Marfat.com

سات اوقات ایسے ہیں جن میں حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم پر درود پڑھنا مکروہ ہے ان کا خیال رکھا جائے۔

۱ ؛ پیشاب پاخانہ کے وقت۔

۲ ؛ مباشرت کے وقت۔

۳ ؛ ٹھوکر کھانے کے وقت۔

۴ ؛ کسی چیز کو کاٹتے یا ذبح کرتے وقت۔

۵ ؛ چھینک آتے وقت

۶ ؛ تعجب کے وقت

۷ ؛ بدبو والی جگہ سے گزرتے وقت

ان سات اوقات کے علاوہ چوبیس گھنٹوں میں ہر سانس میں محسنِ اعظم سیّد البشر رحمۃ للعالمین حضور پُرنور صلّی اللہ علیہ وسلّم پر درود شریف پڑھا

Marfat.com

جائے تحقیق حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم نے سچ فرمایا۔

اِنَّ اَوْلَی النَّاسِ بِیْ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ اَکْثَرُھُمْ

عَلَیَّ صَلٰوۃً

بے شک قیامت کے دن وہ شخص مجھ

سے سب سے زیادہ قریب ہوگا جو

مجھ پر زیادہ سے زیادہ درود پڑھتا

ہے۔

یَارَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا

عَلٰی حَبِیْبِکَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّھِمِ

Marfat.com

صلی اللہ علیہ وسلم



قریب	صاحب	مکی	ناہ	شکور	منیب
صادق	مبلغ	اولیٰ	مصدق	محرم	مہدی
باسط	مبین	رحمۃ	باطن	اوّل	آخر
ظاہر	نصیر	شاف	متوسط	حق	بارہ
فصیح	خطیب	سید	متقی	فتاح	عالم
طاہر		یتیم	طیب		رؤف
مطہر	امرؤ	بارہ	جہانی	قرشی	رحیم
محمود	قاسم			عزیز	امی
امین					مہامی
ہاشمی	محمدؐ			بنی	یٰسین
مجددؒ					
قائم	شفیع			مزمل	برہان
مومن	نور	حافظ	مذکر	مطیع	طٰہٰ
شہید		مختار	حبیب		مصطفیٰ
سراج	رسول	مرتضیٰ	ناصر	فاتح	مہند
حبیب	خلیل	عاقب	ماحی	مجتبیٰ	مضری
ناطق	حاشر	بشیر	منیر	حلیم	البطحی
احمد	امام	حکیم	کلیم	داعی	ظاہر
منصور	عادل	واعظ	متوسط	مدنی	عربی

Marfat.com

سرکارِ دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کا طریقہ

۱: جذبُ القلوب میں ہے کہ جو شخص پاکی اور طہارت کے ساتھ اس درود شریف کو ہمیشہ کم از کم ۳۱۳ مرتبہ پڑھا کرے گا حق تبارک وتعالےٰ خواب میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت پاک سے مشرف فرمائے گا

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَسَلِّمْ

اے اللہ درود وسلام بھیج، محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل پر

کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی لَہٗ

جو کہ پسندیدہ ہے تیرا

Marfat.com

۲ : مفاخرُ الاسلاد میں ہے کہ جو کوئی جمعہ
کے روز ہزار بار یہ درود شریف پڑھے۔
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدَ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ تو حضور
سرورِ کونین صلّی اللہ علیہ وسلّم کی زیارت پاک سے
مشرف ہوگا یا جنّت میں اپنی جگہ دیکھ لے گا۔ کم از
کم پانچ جمعوں تک یہ عمل کرے تو انشاء اللہ کامیابی ہے
۳ : جَامِعُ التفاسِیرُ میں ہے کہ جو کوئی جمعہ
کی شب کو دو رکعت پڑھے اور ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ
(الحمد شریف) اسکے بعد گیارہ مرتبہ آیت الکرسی اور
گیارہ بار قل ہو اللہ احد پڑھے۔ اور بعد از سلام سو بار
یہ درود شریف پڑھے۔
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ

Marfat.com

اَلْاُمِّیِّ وَاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلِّمْ

توانشاءاللہ تعالےٰ تین جمعہ تک حضور پُرنور صلّی اللہ علیہ وسلّم کی زیارت پاک سے مشرف ہوگا۔

۴ ؛ جمعہ کی شب کو دو رکعت نماز ادا کرے، ہر رکعت میں الحمد شریف کے بعد پچیس مرتبہ قل قُلْ ھُوَاللّٰہُ شریف پڑھے اور سلام کے بعد ایک ہزار مرتبہ یہ درود شریف پڑھے۔

صَلَّی اللّٰہُ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ

پانچ جمعہ کے اندر انشاءاللہ زیارت نصیب ہوجائے گی،

یَارَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا
عَلٰی حَبِیْبِکَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّھِمِ

Marfat.com

موت آئی اور لے گئی سینکڑوں کو لحد میں
یا خدا بس میں مروں تیرے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے شہر میں

یَارَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا
عَلٰی حَبِیْبِکَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّھِمِ

Marfat.com

دین اور دنیا میں مکمل کامیابی

صَلَّی اللّٰہُ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَ
صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ صَلٰوۃً وَّسَلَامًا
عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ

یہ عجیب نسخہ ہے۔ نسخہ کیمیا ہے سبحان اللہ

بعد نماز جمعہ کے مدینہ طیبہ کی طرف منہ
کر کے یا کعبۃ اللہ کی طرف منہ کر کے دست بستہ
کھڑے ہو کر اکیلے یا مجمع کے ساتھ جیسا بھی ہو، مسجد
میں یا گھر میں نماز فجر یا ظہر کے بعد خواہ عصر کی نماز
کے بعد جب وقت ملے پڑھیں۔

Marfat.com

خاص طور پر عورتیں اپنے اپنے گھروں میں پڑھیں
جتنا ہو سکے، دس بار۔ پندرہ بار یا تیرہ بار یا سو بار
کوئی قید نہیں گیارہ بھی افضل ہے۔

فوائد و برکات اس درود شریف کے جو حدیث
شریف سے ثابت ہیں وہ ذرا ملاحظہ فرمایئے۔

(۱) اس کے پڑھنے والے پر اللہ عزوجل اپنی رحمتیں نازل فرماتا ہے۔

(۲) اس پر دو ہزار (۲۰۰۰) مرتبہ اپنا سلام بھیجتا ہے۔ (سبحان اللہ)

(۳) پانچ ہزار نیکیاں اس کے نامۂ اعمال میں لکھدی جاتی ہیں۔

(۴) اس کے پانچ ہزار گناہ معاف ہو جاتے ہیں

(۵) پانچ ہزار درجات بلند کر دیئے

Marfat.com

(۶) اس کے ماتھے پر لکھدیا جاتا ہے کہ یہ شخص منافق نہیں۔

(۷) اس کی پیشانی پر لکھدیا جاتا ہے کہ یہ شخص دوزخ کی آگ سے آزاد ہے۔

(۸) اس کو قیامت کے دن شہیدوں کے ساتھ مقام عطا ہوگا۔

(۹) جب تک درود میں مشغول رہے گا۔ اللہ تعالےٰ کے معصوم فرشتے اس پر درود بھیجتے رہیں گے۔

(۱۰) اللہ تبارک وتعالیٰ اس کی تین سو حاجتیں پوری فرمائے گا۔ ۲۱۰ آخرت میں ۹۰ دُنیا میں

(۱۱) اس کے دین میں زبردست ترقی ہوگی،

(۱۲) اولاد میں برکت ہوگی۔

Marfat.com

(۱۳) اللہ تعالےٰ اس کو محبوب بنائے گا۔

(۱۴) دل میں اس کی محبت رکھے گا۔

(۱۵) اس کا ایمان پر خاتمہ ہوگا۔

(۱۶) قبر و حشر میں پناہ میں رہے گا۔

(۱۷) قیامت کے دن عرش کے سایہ میں ہوگا۔

(۱۸) حضور اکرم صلّی اللہ علیہ وسلّم کی شفاعت نصیب ہوگی۔

(۱۹) حضور پُر نور صلّی اللہ علیہ وسلّم قیامت کے روز اس کے گواہ ہوں گے۔

(۲۰) میزان میں اس کی نیکیوں کا پلّہ بھاری

(۲۱) قیامت کی پیاس سے محفوظ رہے گا۔

(۲۲) حوضِ کوثر پر حاضری نصیب ہوگی۔

(۲۳) پُل صراط پر آسانی سے گذر جائے گا۔

Marfat.com

(۲۴) قیامت میں اس کے لئے نور ہوگا۔

(۲۵) رسول اکرم صلّی اللہ علیہ وسلّم کے نزدیک ہوگا۔

(۲۶) قیامت میں حضور پُر نور رسول مقبول صلّی اللہ علیہ وسلّم اس کے ساتھ مصافحہ فرمائیں گے۔

(۲۷) سب سے اعلیٰ اعزاز اس کا یہ ہوگا کہ فرشتے پڑھنے والے اور اس کے باپ کا نام لے کر حضور اقدس صلّی اللہ علیہ وسلّم کی بارگاہ میں عرض کریں گے کہ یا رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم فلاں ابن فلاں..... آقائے نامدار حضرت محمد مصطفےٰ صلّی اللہ علیہ وسلّم پر درود و سلام عرض کرتا ہے۔ آپ صلّی اللہ علیہ وسلّم ہر مرتبہ اس کے جواب میں ارشاد فرمائیں گے فلاں ابن فلاں پر میری طرف سے سلام اور اللہ کی رحمت اور اللہ کی برکتیں۔ (سبحان اللہ)

Marfat.com

(۲۸) اللہ ایسے شخص سے راضی رہے گا۔

ھدایت :۔ ہم چاہے کتنے ہی پاک دامن ہوں، کتنے ہی نیک نیّت اور شریعت کے پابند ہوں۔ لیکن ہمارا فرض ہے کہ اپنی بیویوں کو بھی اس بات کا حکم دیں۔ کہ وہ ہر جمعہ کو درود شریف اس طرح پڑھیں جس طرح اوپر ذکر کیا جا چکا ہے۔ کیوں کہ ہمارا جب بیویوں پر حق ہے تو ان کا بھی ہمارے اوپر حق ہے۔

جس گھر میں جمعہ کے دن یہ درود پڑھا جائے گا، انشاء اللہ اس گھر میں رحمتیں ہی رحمتیں برسنے لگیں گی۔ ہم اپنی بیوی کے متعلق بھی جوابدہ ہیں۔ ہم کو ہدایت ضرور کرنا چاہیئے کہ کم از کم پانچ منٹ نکال کر جمعہ کے دن اس کا ورد کریں۔

اللہ تعالےٰ ہم سب کو نیکی کی توفیق عطا فرمائے آمین

Marfat.com

ایک درود ایک خزانہ

رحمۃ اللہ تعالیٰ عنہ

حضرت ابو الفضل قومانی فرماتے ہیں کہ ایک شخص خراسان سے میرے پاس آیا اور اُس نے یہ بیان کیا کہ میں مدینہ منوّرہ میں تھا کہ میں نے حضرت نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم کی خواب میں زیارت کی۔ حضور پُر نور رسول اکرم صلّی اللہ علیہ وسلّم نے حکم فرمایا کہ جب تو ہمدان جائے تو ابو الفضل بن زیرک قومانی کو میری طرف سے سلام کہہ دینا۔

میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم یہ کیا بات ہے جو اس کو یہ اعزاز مل رہا ہے؟

Marfat.com

حضور سرور کونین صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا کہ

ابوالفضل قومانیؒ مجھ پر روزانہ سو مرتبہ یا اُس سے بھی

زیادہ درود پڑھتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَ

عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ جَزَی اللّٰہُ مُحَمَّدًا صَلَّی اللّٰہُ

عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنَّا مَا ھُوَ اَھْلُہٗ۔

(اے اللہ محمد نبی اُمّی (صلّی اللہ علیہ وسلّم) اور اُن کے آل و

اولاد پر رحمت نازل فرما محمد صلّی اللہ علیہ وسلّم کو ہماری

طرف سے وہ جزا دے جس کے وہ مستحق ہیں۔

حضرت ابوالفضل قومانی رحمۃ اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ اس

شخص نے قسم کھائی کہ وہ مجھے یا میرے نام کو حضور اکرم

صلّی اللہ علیہ وسلّم کے خواب میں بتلانے سے پہلے

بالکل نہیں جانتا تھا۔ میں نے اس شخص کو کچھ گیہوں

Marfat.com

دینا چاہا۔ مگر اس نے انکار کر دیا اور کہا کہ میں
حضور اکرم صلّی اللہ علیہ وسلّم کا پیغام نہیں بیچتا۔
رحمۃ اللہ تعالیٰ عنہ
ابو الفضل فرماتے ہیں کہ وہ چلا گیا اُس
کے بعد میں نے اس کو کبھی نہیں دیکھا۔

ایسے کئی واقعات اس وقت بھی موجود ہیں کہ
حضور پُر نور حیات النبی صلّی اللہ علیہ وسلّم درود شریف
پڑھنے والوں کو زیارت سے باریاب فرماتے ہیں۔ اور
بشارت دیتے ہیں، درود کا جواب عنایت فرماتے ہیں۔
اور خوشی کا اظہار فرماتے ہیں اور اپنی شفاعت
کا وعدہ فرماتے ہیں۔

Marfat.com

Marfat.com

کمال اتباعِ سُنّت و غلبہ محبّت محمد مصطفےٰ صلّی اللہ علیہ وسلّم کی وجہ سے زیارت آسانی سے ہو جاتی ہے بہرحال یہ زیارت جنّت کا پروانہ اور اللہ تعالےٰ کے رازوں کے انکشاف کی سند ہے۔

(۱) قول بدیع میں خود آقائے نامدار صلّی اللہ علیہ وسلّم کا ایک ارشاد نقل کیا ہے کہ جو شخص روحِ محمدؐ صلّی اللہ علیہ وسلّم پر ارواح میں اور آپ صلّی اللہ علیہ وسلّم کے جسد اطہر پر بدنوں میں آپ کی قبر مبارک پر قبور میں درود

Marfat.com

بھیجے گا، وہ مجھے خواب میں دیکھے گا اور جو مجھے خواب میں دیکھے گا میں اس کی سفارش کروں گا وہ میرے حوض سے پانی پیئے گا اور اللہ جلّ شانہٗ اس کے بدن کو جہنّم پر حرام فرما دیں گے۔

حضرت ابوالقاسم بستی رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب میں لکھتے ہیں کہ جو شخص یہ ارادہ کرے کہ نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم کو خواب میں دیکھے وہ یہ درود پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَآ اَمَرْتَنَآ اَنْ نُّصَلِّیَ عَلَیْہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا ھُوَ اَھْلُہٗ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی لَہٗ

جو شخص اس درود شریف کو طاق عدد کے موافق پڑھے گا وہ حضورِ اقدس صلّی اللہ علیہ وسلّم کی خواب میں زیارت کرے گا۔

Marfat.com

(۲) جو شخص جمعہ کے دن بعد نماز جمعہ باوضو ایک پرچے پر مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم ۳۵ بار لکھے اور اس کو اپنے ساتھ رکھے اللہ جلّ شانہٗ اس کو طاعت پر قوّت عطا فرمائے گا اور روزانہ طلوع آفتاب کے وقت درود شریف پڑھتے ہوئے غور سے دیکھتا رہے تو نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم کی زیارت خواب میں کثرت سے ہوا کرے گی۔

(۳) حضرت قطب ربانی غوث صمدانی محبوب سبحانی شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنی تصنیف میں لکھتے ہیں کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضورِ اکرم صلّی اللہ علیہ وسلّم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص جمعہ کی رات کو دو۲ رکعت نماز پڑھے ہر ایک رکعت میں الحمد شریف کے بعد آیت الکرسی پڑھے بعد میں ۱۵ مرتبہ

Marfat.com

سورۂ اخلاص پڑھے اس پڑھنے اور نماز ختم
کرنے کے بعد ایکہزار مرتبہ درود شریف پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ
مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ

تو اِنشاء اللہ تعالےٰ اس جمعہ سے دوسرے
جمعہ تک وہ شخص اپنے نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم
کو خواب میں دیکھ لے گا۔
رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا۔

اَلصَّلٰوۃُ مِعْرَاجُ الْمُؤْمِنِیْنَ
نماز مومنوں کی معراج ہے
رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ
کے اُمتی نے ادب سے عرض کیا۔
اَلسَّلَامُ مِعْرَاجُ الْعَاشِقِیْنَ

Marfat.com

Marfat.com

گھر

حضرت عمر بن دینار رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جب گھر میں کوئی جائے اور وہاں کوئی موجود نہ ہو تو یوں کہے۔

اَلسَّلَامُ عَلَى النَّبِيِّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَكَاتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِيْنَ

یعنی نبی کریم پر درود و سلام بھیجے۔ (ق۔ درس ۲۲)

Marfat.com

مسجد

حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا آقائے نامدار صلّی اللہ علیہ وسلّم کی صاحبزادی سے نقل ہے کہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم جب مسجدوں میں داخل ہوتے تو درود پڑھتے اور اس کے بعد میں فرماتے۔

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ وَافْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِکَ

جب مسجد سے باہر نکلتے تو پھر درود پڑھتے اور فرماتے۔

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ وَافْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ فَضْلِکَ

☆

Marfat.com

درود شریف کی رحمتیں!

ایک مرتبہ سرورِ کونین سرکارِ دو عالم شافعِ
محشر حضرت رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے ارشاد فرمایا کہ
جو شخص خلوص دل سے دن میں مجھ پر ایک تبہ درود پڑھے گا
تو جنّت کی بشارت ملنے سے قبل نہیں مرے گا۔

(کنز العمال عن انس رضی اللہ تعالیٰ)

Marfat.com

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ آقائے نامدار رسولِ مقبول صلّی اللہ علیہ وسلّم منبر پر چڑھے اور تین مرتبہ آمین کہہ کر پھر فرمایا کہ جس شخص کے سامنے میرا کا ذکر کیا جائے اور پھر وہ مجھ پر درُود نہ بھیجے تو اللہ تعالےٰ اُسے اپنی رحمت سے دور کرے اور ذلیل کرے۔ (طبرانی)

Marfat.com

سرکٹا سر

حضرت عبداللہ بن جراد رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت کنز العمال

میں درج ہے کہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا۔

جبرئیل علیہ السّلام نے عرش الٰہی کی جانب سے بلند آواز

سے مجھ سے کہا اے محمد صلّی اللہ علیہ وسلّم۔ اللہ رب العزت

صلی اللہ علیہ وسلم

آپ سے فرماتے ہیں کہ جس شخص کے سامنے آپ کا

صلی اللہ علیہ وسلم

ذکر کیا جائے اور پھر وہ آپ پر درود نہ پڑھے تو

وہ بڑی خیر سے محروم ہوا اور عذاب کا بھی

Marfat.com

جزا

حضور پُرنور صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا جس نے مجھ پر ایکمرتبہ درود پڑھا۔ اللہ تعالےٰ اور اُس کے فرشتے ستّر مرتبہ اُس پر رحمت نازل کرتے ہیں۔

(کنزالعمال)

Marfat.com

ثواب

مدینہ منورہ (سعودی عرب) میں مُلک عرب کا سب سے بڑا پہاڑ ہے جس کو جبلِ اُحد کہتے ہیں یہ بہت ہی بڑا پہاڑ ہے۔

رسول اکرم صلّی اللہ علیہ وسلّم نے ایک مرتبہ ارشاد فرمایا کہ جس شخص کے پاس میرا ذکر کیا جائے اور وہ مجھ پر دُرود پڑھے تو اُس شخص کے لئے ایک قیراط کے برابر ثواب لکھ دیا جاتا ہے اور وہ قیراط اُحد پہاڑ کے برابر ہو گا۔ اب اندازہ لگائیے کہ صرف ایک مرتبہ درود پڑھنے سے کتنا ثواب ملتا ہے۔

Marfat.com

عذاب

رضی اللہ تعالیٰ عنہ

حضرت ابوہریرہ فرماتے ہیں کہ سرکار دو عالم صلّی اللہ علیہ وسلّم نے ایکمرتبہ ارشاد فرمایا کہ جو کوئی مجھ پر درود پڑھنا بھول گیا وہ جنّت کا راستہ بھول گیا۔

امام جعفر بن محمد رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے والد یعنی امام محمد باقر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت نقل کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا کہ جس شخص کے سامنے میرا ذکر کیا گیا اور پھر اُس نے مجھ پر درود نہ پڑھا وہ جنّت کے راستے سے بے راہ کر دیا گیا۔

Marfat.com

قطعی جنتی شخص

جو شخص رات کو تہجد کے وقت چپکے
سے اُٹھے، وضو کرے نماز پڑھے اللہ
کی حمد کرے اور بعد میں نبی کریم صلی اللہ
علیہ وسلّم پر درود شریف بھیجے
تو اِنشاء اللہ
وہ قطعی جنتی شخص ہے

اکرم صلی

Marfat.com

روایاتِ مقدّسہ

✸ حضرت علی رضی اللہ عنہ

حضرت مولا علی کرم اللہ وجہہٗ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہٗ نے فرمایا کہ حضور اکرم صلّی اللہ علیہ وسلّم پر درود بھیجنا غلام آزاد کرنے سے افضل ہے۔

✸ حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ

حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور اکرم صلّی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ میرے اوپر

Marfat.com

کثرت سے درود پڑھا کرو کیونکہ میرے اوپر

درود پڑھنا تمہارے گناہوں کے لئے بخشش ہے۔

(ابنِ عساکری)

✱ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ آقائے نامدار صلّی اللہ علیہ وسلّم کا ارشاد ہے کہ اے لوگو تم میں سے قیامت والے دن مصیبتوں سے سب سے زیادہ نجات حاصل کرنے والا مجھ پر دُنیا میں سب سے زیادہ درود پڑھنے والا ہوگا۔ (صلّی اللہ علیہ وسلّم)

✱ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ میں حضور علیہ الصلوٰۃ وسلام کی خدمت میں حاضر

Marfat.com

ہوا ۔ حضور علیہ السلام نے صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مخاطب ہو کر فرمایا کہ میں تم کو سب سے زیادہ بخیل آدمی بتاؤں ؟

صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا ضرور بتائیں۔ جناب سرکار مدینہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا کہ جس شخص کے سامنے میرا ذکر کیا جائے اور وہ مجھ پر درود نہ پڑھے تو وہ سب سے زیادہ بخیل ہے۔

✸ حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور پُر نور رسولِ اکرم صلّی اللہ علیہ وسلّم کا ارشاد ہے کہ جو شخص فجر کی نماز ادا کرنے کے بعد مجھ پر ایک سو مرتبہ درود پڑھے گا تو اللہ تبارک وتعالیٰ اس شخص کی ایک سو حاجتیں پوری کرے گا۔

Marfat.com

✸ عبداللہ بن جوادؓ

حضرت عبداللہ بن جواد رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد مبارک ہے کہ فرائض کو پوری کوشش کے ساتھ ادا کرو اس لئے کہ یہ چیز بیس مرتبہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرنے سے افضل ہے، اور مجھ پر درود پڑھنا ان تمام امور کے برابر ہے

✸ عبداللہ بن مسعودؓ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ جلیل القدر صحابی تھے ایک بار جب نماز پڑھ رہے تھے تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما ہوئے آپ کے ساتھ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر بھی موجود تھے۔

Marfat.com

جب نماز کے بعد بیٹھے تو اوّل اللہ تعالیٰ کی حمد کی۔ پھر رسولِ اکرم پر صلّی اللہ علیہ وسلّم پر درود شریف پڑھا، پھر اپنے لئے دُعا مانگی۔ حضور اکرم صلّی اللہ علیہ وسلّم نے سُن کر فرمایا۔

"مانگ، دیا جائے گا۔"

(یعنی جو بھی مانگے گا وہ ملے گا)

اِس سے ظاہر ہوا کہ دُعا کا یہ طریقہ ہے کہ پہلے تو اللہ تعالےٰ کی حمد کرے۔ پھر حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم پر درود پڑھے۔ پھر ضرورت کے لئے مانگے۔ انشاء اللہ تعالےٰ مل جائے گا

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا

مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ

وَسَلِّمْ

Marfat.com

حضور صلی اللہ علیہ وسلم شفیع اور فرار

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں

جب آفتاب طلوع ہوتا ہے تو ستر ہزار فرشتے سرکار مدینہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کے گرد آجاتے ہیں۔ اور درود شریف بھیجتے رہتے ہیں جب شام ہوتی ہے تو چلے جاتے ہیں اور دوسرا گروہ وہ بھی ستر ہزار ہوتے ہیں آجاتے ہیں اور درود پڑھنا شروع کر دیتے ہیں۔

جس وقت تک حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم قبر شریف سے نکلیں گے اس وقت تک یہی سلسلہ جاری رہے گا۔

Marfat.com

ایک کے دس

۱-۱۰

مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ وَاحِدَۃً صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ عَشْرًا

جو مجھ پر ایک درود بھیجے گا اللہ تعالیٰ اس پر

دس مرتبہ رحمتیں نازل کرے گا۔ (حدیث)

درود شریف پڑھنا دل و دماغ کو معطّر

کرنے والی ایک عجیب نیکی ہے۔ ایک بار درود شریف پڑھنے

سے دس نیکیوں کی جزا ملتی ہے۔ اس حدیث شریف

سے ثابت ہے کہ ایک درود پڑھنے سے دس نیکیاں

انسان کے اعمالنامے میں لکھی جاتی ہیں۔

Marfat.com

دس کے سو

۱۰ - ۱۰۰

مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا

ایک نیکی کو اللہ تعالیٰ بڑھا کر دس نیکیوں کا ثواب عطا کرتا ہے۔

(حدیث)

اب ظاہر ہے کہ جب ایک درود دس نیکیوں کے برابر ہے تو دس نیکیاں اللہ کے فضل وکرم سے سو (۱۰۰) نیکیوں کے برابر ہو جاتی ہیں۔ جس کا خدا نے وعدہ فرمایا ہے اللہ اور اس کے رسول صلّی اللہ علیہ وسلّم نے سچ کہا ہے اب یہ ہم پر ہے کہ ہم خزانے سے جتنا چاہیں اتنا لیں۔ اور مالا مال ہو جائیں۔

Marfat.com

ایک اور درود کا دن
دوشنبہ

سوموار چونکہ دوشنبہ کے دن بندوں کے اعمال رب العالمین کے حضور پیش کئے جاتے ہیں اور حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اسی دن روزہ رکھتے تھے۔ اس لئے جیسے جمعہ کا دن مقبول ہے ایسے ہی دوشنبہ کا دن بھی متبرک ہے۔

ہر مسلمان کو چاہیئے کہ جمعہ کے دن اور دوشنبہ کے دن زیادہ سے زیادہ درود پر وقت صرف کرے۔ حد سے زیادہ فائدہ پائے گا۔

Marfat.com

ایک درود ایک سلام

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰی سَیِّدِ نَا
مُحَمَّدِ النُّوْرِ الذَّاتِیِّ وَالسِّرِ السَّارِیِّ فِی
سَائِرِ الْاَسْمَاءِ وَالصِّفَاتِ۔

(اے اللہ درود و سلام اور برکت بھیج سیدنا محمد
مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر جو نور ذاتی اور راز جاری
ہیں تمام اسماء و صفات میں)

حضرت سیّد احمد القساوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے
ہیں یہ درود شریف نورانی ہے اور ایک لاکھ درود کے

Marfat.com

برابر ہے۔ یعنی اس ایک درود شریف کا پڑھنا ایک لاکھ
درود شریف کے برابر ہے۔ مصیبتوں کو دور کرنے کے لئے
اس کو پندرہ سو کی تعداد میں پڑھا جائے۔ کئی عارفوں کو
اس درود شریف سے بے شمار فائدہ پہنچا ہے۔

حضرت ابن عابدین رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ مجھے
یہ سب کیفیت اس درود شریف سے ملی ہے۔ میں نے اپنے مرشد
رحمۃ اللہ علیہ
عارف باللہ حضرت سید احمد بغدادی سے اس کو حاصل کیا
ہے۔ میرے مرشد نے اس کی کئی عارفین سے نسبت بتائی ہے۔
رحمۃ اللہ علیہ
حضرت شیخ احمد الملول فرماتے ہیں کہ مجھ کو اس
درود سے فائدہ پہنچا ہے۔ بے شک یہ درود شریف
ایک لاکھ درودوں کے برابر ہے، بے شک مصائب کو دور
کرتا ہے، بے شک یہ عجیب ہے۔

Marfat.com

چودہ ہزار

اگر کوئی شخص چاہے کہ کم از کم وقت میں زیادہ سے زیادہ ثواب حاصل کر لوں تو اس درود شریف کو پڑھے جس کے ایک مرتبہ پڑھنے سے پڑھنے والے کو اللہ تعالیٰ چودہ ہزار درودوں کا ثواب عطا فرماتا ہے۔

حضرت سیّد احمد الصاوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہ درود شریف مکمل درود اور طریقت والوں کا درود ہے اہل طریقت کے وظائف میں سے ہے کہ وہ ہر نماز کے بعد اس کو برابر پڑھتے ہیں۔ ثواب اس کا بے انتہا ہے۔

Marfat.com

حضرت شیخ عبدالباقی الحنبلی رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے

کہ اس درود شریف کا ثواب بے حساب ہے۔ آپ

فرماتے ہیں کہ اس درود شریف کو صرف ایکمرتبہ پڑھنے

سے (۱۴۰۰۰) درودوں کا ثواب حاصل ہوتا ہے (سبحان اللہ)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِهٖ عَدَدَ كَمَالِ اللّٰهِ وَ

كَمَا یَلِیْقُ بِكَمَالِهٖ

یلیق

(اے اللہ درود سلام و برکات بھیج ہمارے

آقا و سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور ان کی آل پر

اپنے کمالات کے برابر اور ایسا جو انکے کمال کے لائق ہو۔

Marfat.com

اللہ عزوجل کا حکم

علامہ سخاوی رحمۃ اللہ علیہ نے متعدد روایات اور حدیثوں سے نقل فرمایا ہے کہ قیامت کے دن علماء حدیث حاضر ہوں گے۔ ان کے ہاتھوں میں قلم اور دواتیں ہوں گی۔ جن سے وہ حدیث شریف لکھتے تھے اللہ تبارک وتعالےٰ جلّ شانہٗ حضرت جبرئیل علیہ السّلام کو حکم صادر فرمائیں گے کہ ان سے پوچھو

Marfat.com

یہ کون ہیں اور کیا چاہتے ہیں۔ وہ عرض کریں گے کہ
ہم حدیث لکھنے پڑھنے والے ہیں۔

باری تعالےٰ ارشاد فرمائیں گے "جاؤ جنّت
میں" تم لوگ جنت میں داخل ہو جاؤ۔ تم میرے
نبیٔ کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم پر کثرت سے دُرود بھیجتے تھے
انعام ہے۔

یہ لوگ بغیر حساب کے جنت میں داخل ہو جائینگے۔

یَارَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا
عَلٰی حَبِیْبِکَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّهِمِ

Marfat.com



صلی اللہ علیہ وسلم

رسول کا ارشاد

علامہ سخاوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ رشید عطار رحمۃ اللہ علیہ نے بیان کیا کہ مصر میں ایک بزرگ تھے جن کا نام ابوسعید خیاط رحمۃ اللہ علیہ تھا۔ وہ اکیلے رہتے تھے، لوگوں سے میل جول بالکل بند تھا۔

کچھ عرصے کے بعد ابوسعید خیاط رحمۃ اللہ علیہ کو لوگوں نے حضرت ابن رفیق رحمۃ اللہ علیہ کی مجلس میں بہت کثرت سے آتے جاتے دیکھا لوگوں کو اس پر تعجب ہوا۔ اور ان سے دریافت کیا انہوں نے فرمایا کہ مجھے

Marfat.com

حضور اقدس صلّی اللہ علیہ وسلّم کی خواب میں زیارت
صلی اللہ علیہ وسلم
نصیب ہوئی اور آپ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے حکم فرمایا
کہ اپنے رفیق کی مجلس میں جایا کرو۔ اس لئے کہ وہ
اپنی مجلس میں مجھ پر کثرت سے درود شریف پڑھتا ہے
سبحان اللہ کیا مبارک وہ مجلس ہے جس میں
نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم پر درود پڑھا جاتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی
اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ

Marfat.com

ایک لاجواب درُود

حضرت احمد وحلان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ یہ درُود شریف حضرت محمد الخنفی رضی اللہ عنہ کے اسرار العجائب میں سے ہے مولانا شیخ عبدالوہاب شعرانی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت شیخ محمد الخنفی رضی اللہ عنہ کے دادا نے آقائے نامدار صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ حضور سرورِ کونین نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ یہ عظیم آدمی ہے میں اس سے محبت کرتا ہوں۔

حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے فرمایا تو پھر اُس کو دستارِ نضیلت باندھی جائے حضور سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اجازت ہے

Marfat.com

جب شیخ محمد الحنفی رضی اللہ عنہ نے یہ بات سنی اور اپنے دادا کی طرح زیارت نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم سے مشرف ہوئے تو عرض کیا یارسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم مجھ کو میرے دادا کی امیری عطا فرمایئے اور ایسا ہی اعزاز بخشئے۔ آپ نے صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا تیری امیری یہ ہے کہ یہ درود شریف پڑھتا رہ۔ اب اندازہ کیجیے کہ یہ درود شریف کتنا بابرکت ہے۔

